فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ وَاشْکُرُوْا لِیْ وَلَا تَکْفُرُوْنِ

ذکرِ کثیر مترجم

معرف بہ

محبوب السّلوک

مصنفہ

خواجہ محبوب عالم قدّس سرّہ

یہ کتاب اور دیگر تصانیف حضرت صاحب علیہ الرحمۃ باقاعدہ رجسٹرڈ ہیں

فاذکرونی اذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون

الحمد للہ والمنۃ کہ نسخہ فیض آگیں سلک السالکین

ذکرِ کثیر مترجم

معروف بہ

محبوب السلوک

مؤلفہ عارف حقانی عالم ربانی مطلع الرموز والاشارات منبع الکنوز والبشارات

واکمل حجۃ الکمل سیدنا و مرشدنا حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

خلیفہ اعظم شاہراہ حقیقت ساقی شربت محبت الٰہی حضرت توکل شاہ محبوب الٰہی عفا اللہ عنہ

marfat.com

Marfat.com

نام کتاب ——— ذِکرِ کثیر (مترجم) معروف بہ محبوب السلوک

مؤلفہ ——— حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ

کتابت ——— محمد اعظم منور رقم۔لاہور

مطبع: عزیز پرنٹرز۔لاہور
0300-9488328

تعداد ایک ہزار
بار چہارم - 2005

قیمت: ۹۰ روپے

مندرجہ ذیل پتوں سے طلب فرمائیں

صاحبزادہ محمد احمد سجادہ نشیں آستانہ عالیہ توکلیہ سیداشریف تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین

فون: 0456-545020

marfat.com
Marfat.com

ذکرِ کثیر

المعروف بہ

محبوب السّلوک

یعنی

اوراد و اذکار معمولات حضرت نقشبندیہ مجددیہ رضوان اللہ علیہم اجمعین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ سیدنا محمد رحمۃ للعلمین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین ۝

اما بعد! جاننا چاہیے کہ حضرات خواجگان نقشبندیہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے تحقیق فرمایا ہے کہ انسان دس لطائف سے مرکب ہے۔ جن میں سے پانچ عالم امر کے ہیں۔ جیسے قلب۔ روح۔ سر۔ خفی۔ اخفیٰ اور پانچ عالم خلق سے ہیں جیسے نفس۔ خاک۔ باد۔ آب۔ آتش

ا۔ لطیفہ قلب۔ بائیں پستان سے دو انگشت نیچے پہلو کی طرف واقع ہے۔ نور اس کا زرد۔ زیر قدم ولایت حضرت آدم علیہ السلام کے ہے

marfat.com

Marfat.com

۲۔ لطیفہ روح۔ پستان راست سے دو انگشت نیچے پہلو کی طرف واقع ہے۔ نور اس کا سرخ سنہری۔ زیر قدم ولایت حضرت نوح و حضرت ابراہیم علیہم السلام کے ہے۔

۳۔ لطیفہ سر۔ جگہ اس کی برابر پستان بائیں دو انگشت کے فاصلہ پر جانب سینہ۔ نور اس کا سفید ہے۔ زیر قدم ولایت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہے۔

۴۔ لطیفہ خفی۔ جگہ اس کی برابر پستان راست کے دو انگشت کے فاصلہ پر جانب سینہ ہے۔ نور اس کا سیاہ۔ زیر قدم ولایت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہے۔

۵۔ لطیفہ اخفیٰ۔ جگہ اس کی سینہ کے درمیان واقع ہے۔ نور اس کا سبز۔ زیر قدم ولایت حضرت جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہے۔

۶۔ لطیفہ نفس۔ نور اس کا نیلگوں مائل بہ سیاہی۔ جگہ ناف سے نیچے۔ سر اس کا پیشانی کے درمیان ہے۔

۱۔ طریقہ ذکر تہلیلی: کلمہ شریف لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللہ کو ساتوں لطائف سے اس طرح گزارو کہ لَا کو قلب سے روح تک کھینچیں اور اِلٰـہَ کو روح سے خفی اخفیٰ پر لا کر سر میں داخل کرے اور اِلَّا اللہ کی ضرب قلب پر لگا دے اور ذکر زبان سے متوسط آواز کے ساتھ کرے اور بعد سات دفعہ ذکر کرنے کے لطیفہ نفس کے مقام ناف کو (م) محمد تصور کر کے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ کو پیشانی پر کھینچ کر بینی میں سے گزارتا ہوا اللہ کو منہ کے سامنے ختم کرے اور ایک سانس میں حتی المقدور ختم کر کے پڑھے۔

(۲) شروع سلوک میں کلمہ شریف کی بارہ تسبیح اسی خیال کے ساتھ اس طرح صبح کے وقت جہر کے ساتھ کریں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللہ دو تسبیح اور اِلَّا اللہ کی چار تسبیح اور اللہ کی چھ تسبیح۔

(۳) ... تسبیح کے بارہ ... اللہ اللہ کیا کریں

marfat.com

Marfat.com

اور تمام دن اپنا کام کاج کرتے وقت خیال کلمہ شریف دل وجان سے رکھیں۔

(۴) پانچوں وقت بعد نماز فریضہ آیہ کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط ایک ایک تسبیح پڑھیں۔

(۵) بعد نماز عشاء منہ جانب روضۂ اطہر حضرت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرکے اس خیال کے ساتھ کہ میرے درود شریف کو حضور سن رہے ہیں، یہ درود شریف پڑھے۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ اور کہ آپ کے قلب مبارک سے میرے دل میں نور آرہا ہے۔

(۶) صبح کو شجرہ طیبہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ ایک دفعہ پڑھ لیا کرے بعدہ ذکر اسم ذات۔

(۷) جب پیشوا حکم کریں تو زکوٰۃ کلمہ شریف کی ادا کریں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ ایسی مسجد میں جہاں پنجوقت باجماعت نماز مل سکے اعتکاف کرے اور احرام باندھے یعنی بغیر سلی ایک چادر ہو اور سوا گز کا جانے نماز اور پانچ ہاتھ کا عمامہ سر۔ دن کو روزہ رکھے اور رات کو حسب اجازت پیشوا جو کی خالی روٹی اور نمک کے ساتھ افطار کرے اور دن رات ایک لاکھ کلمہ شریف اسی طرح جو اوپر مذکور ہوا پڑھ کر ایک یا دو یا تین روز میں ختم کرے۔ پڑھتے وقت خوشبو لگائے اور پاس رکھے۔ روٹی نمازی کی پکائی ہوئی ہو۔ غیر کے ہاتھ کی نہ ہو اور ہر پانسو پر توجہ پڑھ لیا کرے اور اسی طرح ایک لاکھ ختم کرے۔ بعد ختم زکوٰۃ حلوا پکا کر فاتحہ حضرت غوث الاعظم شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ دلا کر تقسیم کرے پڑھنا شروع کرنے سے پہلے دو نفل پڑھ لیوے۔ وہ توجہ یہ ہے۔

اِلٰهِیْ اَظْهِرْ عَلٰی ظَاهِرِیْ سُلْطَانَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سہ بار وَحَقِّقْ بَاطِنِیْ بِحَقَائِقِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سہ بار وَاسْتَغْرِقْ

marfat.com

Marfat.com

فِيْكَ ظَاهِرِیْ بِاَحَاطَتِوْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه سہ بار۔ وَاحْفَظْنِیْ اَللّٰهُمَّ بِكَ لَكَ فِیْ مَرَاتِبِ وُجُوْدِكَ وَشُهُوْدِكَ حَتّٰی لَآ اَشْهَدَ مَعَهُمْ اَفْعَالَكَ وَصِفَاتِكَ بِوَجْهِ الْحَقِّ الَّذِیْ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه ۔ سہ بار بخواند

(۸) حسبِ اجازت پیشوا صبح و شام مسبعات عشر یک بار، اور درود شریف مستغاث و درود کبریت احمر یا دعائے حزب البحر بموجب تعداد و حکم پڑھتے رہیں۔

(۹) اگر اجازت ہو جائے تو نوافلِ اشراق و اوابین و تہجد جن کا طریقہ آئندہ لکھا جائے گا ادا کریں۔

(۱۰) جب پیشوا لطائف شروع کرا دیں تو ذکر اسم ذات چوبیس ہزار کیا کریں جس میں سے شروع میں ایک ہزار یا دو ہزار یا پانچ ہزار حبسِ دم کے ساتھ ہو۔

(۱۱) یہ معمولات ولایت صغریٰ تک حسب ارشاد پیشوا جاری رکھے، قضا نہ ہونے دے کیونکہ قضائے ذکر سے قلب میں کدورت آتی ہے اور مقصود ازالۂ کدورت ہے۔

(۱۲) بلا اجازت مرشد ذکر میں کمی یا زیادتی نہ کرے کیونکہ اکثر لذت میں مریدین زیادتی کرتے ہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ پھر قطعی ذکر چھوٹ جاتا ہے۔

---

marfat.com

Marfat.com

معمولاتِ متعلقہ ولایتِ کبریٰ وصغریٰ

۱۔ ذکر۔ نفی اثبات (کلمہ شریف) لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کو اس طرح پُر کرے کہ لا کو ناف مقام نفس سے کھینچتا ہوا پیشانی کے اوپر کو گزارتا ہوا سر کے پیچھے ڈال دے اور اِلٰـہَ کو روح خفی اخفیٰ سے سر پر لاتا ہوا ختم کرکے اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب دل پر لگائے اور معنوں کا خیال رکھے اور حبس دم کرکے ایک سانس میں حتی المقدور کئی بار کرے۔

۲۔ درود شریف۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔ گیارہ تسبیح۔ بعد نماز عشا پڑھا کریں۔ اسی خیال کے ساتھ جو پہلے بیان ہوئی۔

۳۔ نماز تہجد کو قضا نہ کرے۔ عام لوگوں کے لئے اس کی ترکیب یہ ہے کہ اول دو رکعت تحیۃ الوضو[1] پڑھ کر بعد میں بارہ رکعت اس طرح پوری کرے کہ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ قل ہو اللہ شریف ایک بار دوسری میں دو بار اور تیسری رکعت میں تین بار۔ چوتھی میں چار بار۔
علیٰ ہٰذا القیاس علی الترتیب گیارہویں میں بعد الحمد شریف گیارہ بار اور بارہویں رکعت میں بارہ بار پڑھ کر ختم کرے اور ہر چار رکعت کے بعد دعا پڑھا کرے۔

---

[1] ترکیب اس کی یہ ہے کہ جب خواب سے بیدار ہو بطریق مسنون وضو کرکے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو اسطرح پڑھے پہلی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ یہ آیت تین بار پڑھے۔ وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ جَآءُوْکَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰہَ وَاسْتَغْفَرَ لَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا ؕ اور دوسری میں بعد سورہ فاتحہ یہ آیت پڑھے وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَہٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰہَ یَجِدِ اللّٰہَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا

marfat.com

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّ عَنْ یَمِیْنِیْ نُوْرًا وَّ عَنْ یَسَارِیْ نُوْرًا وَّ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّ تَحْتِیْ نُوْرًا وَّ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّ فِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّ دَمِیْ نُوْرًا وَّ شَعْرِیْ نُوْرًا وَّ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا۔

۴۔ حافظوں اور ان لوگوں کو جن کو قرآن شریف کی بڑی بڑی سورتیں یاد ہوں، لازم ہے کہ قرأت طویل کے ساتھ نماز تہجد کو ادا کریں اور بعد نماز تہجد ہزار بار اگر نہ ہو سکے تو پانچسو بار پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

۵۔ ذکر اسم ذات چوبیس ہزار حبس دم کے ساتھ۔ بعد نماز تہجد ادا کر کے شجرہ طیبہ خاندان نقشبندیہ پڑھنا بہت منافع ہے۔

۶۔ بعد نماز فجر و مغرب مراقبہ مقام احدیت سے لے کر ولایت کبریٰ کے تمام مقامات پر کم سے کم نصف گھنٹہ تک لازمی و ضروری ہے۔ اس کو کسی حالت میں ترک نہ کریں۔

۷۔ اس مقام والے کو نماز اشراق بڑی ضروری ہے اس کو ہرگز ترک نہ کرے عام لوگوں کے واسطے یہ ہے کہ بارہ رکعت جس کے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف قل ہو اللہ شریف تین تین بار پڑھے ادا کر کے ادعیہ ہر شفعہ کے بعد پڑھ لیوے جو آئندہ مرقوم ہوں گے اور خاص پڑھے لکھوں کے واسطے نماز اشراق کی ترکیب یہ ہے۔

marfat.com

Marfat.com

۱

نماز دعاء شکر اللہ

دو رکعت ہیں جس کی پہلی رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی تا خالدون یکبار اور دوسری رکعت میں آمَنَ الرَّسُوْلُ تا ختم سورۂ بقرہ و آیہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا علیم یکبار پڑھ کر ختم کرے اور بعدہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ لَکَ لَا اَسْتَطِیْعُ دَفْعَ مَا اَکْرَہُ وَلَا اَمْلِکُ نَفْعَ مَا اَرْجُوْا مِنْ رَحْمَتِکَ اَصْبَحْتُ مُرْتَهَنًا بِعَمَلِیْ وَاَصْبَحَ اَمْرِیْ بِیَدِ غَیْرِیْ فَلَا فَقِیْرَ اَفْقَرُ مِنِّیْ لَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوِّیْ وَلَا تَسُوْءُ بِیْ صَدِیْقِیْ وَلَا تَجْعَلْ مُصِیْبَتِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَلَا دُنْیَایَ وَلَا فِی الْاٰخِرَۃِ وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْیَا اَکْبَرَ هَمِّیْ وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِیْ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیَّ مَنْ لَّا یَرْحَمُنِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِیْ تُزِیْلُ بِهَا النِّعَمُ وَمِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِیْ تُوْجِبُ بِهَا النِّقَمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

—— ۲ ——

نماز دعاء استعاذہ

دو رکعت پڑھے۔ اول رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ فلق یک بار اور دوسری رکعت میں سورۂ ناس یکبار۔ بعد سلام یہ دعا یکبار پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَبِکَلِمٰتِکَ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ السَّامَّۃِ وَالْهَامَّۃِ وَاَعُوْذُ بِکَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ

marfat.com
Marfat.com

وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ وَمِنْ شَرِّ عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ بِاِسْمِكَ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّاَعُوْذُ بِكَ بِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا يَجْرِيْ بِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ اِنَّ رَبِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اِلٰهِيْ اِنَّكَ سَلَّطْتَ عَلَيْنَا عَدُوًّا بَصِيْرًا بِعُيُوْبِنَا هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا نَرَاهُمْ اَللّٰهُمَّ فَاٰيِسْهُ مِنَّا كَمَا اٰيَسْتَهٗ مِنْ عَفْوِكَ وَابْعِدْ بَيْنَنَا كَمَا اَبْعَدْتَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ جَنَّتِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

— ۳ —

نماز دعا استخارہ

دو رکعت ہیں۔ اول میں بعد الحمد شریف سورۃ کافرون یکبار اور دوسری میں بعد فاتحہ سورۃ اخلاص یکبار پڑھ کر بعد سلام یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ اَللّٰهُمَّ لَا اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيَاتًا وَّلَا نُشُوْرًا اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ جَمِيْعَ مَا اَتَحَرَّكُ فِيْهِ فِيْ حَقِّيْ وَفِيْ حَقِّ غَيْرِيْ وَجَمِيْعَ مَا يَتَحَرَّكُ فِيْهِ غَيْرِيْ فِيْ حَقِّيْ وَفِيْ حَقِّ اَهْلِيْ وَوَلَدِيْ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنِيْ مِنْ سَاعَتِيْ هٰذِهٖ اِلٰى مِثْلِهَا مِنَ الْقَابِلِ

marfat.com

Marfat.com

خَيْرٌ لِّی فِی دِیْنِی وَمَعَاشِی وَعَاقِبَةِ اَمْرِی فَاقْدِرْهُ لِی وَیَسِّرْهُ لِی ثُمَّ بَارِكْ لِی فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّ جَمِیْعَ مَا اَتَحَرَّكُ فِیْهِ فِی حَقِّی وَفِی حَقِّ غَیْرِی وَجَمِیْعَ مَا یَتَحَرَّكُ فِیْهِ غَیْرِی فِی حَقِّی وَفِی حَقِّ اَهْلِی وَوَلَدِی وَمَا مَلَكَتْ یَمِیْنِی مِنْ سَاعَتِی هٰذِهٖ اِلٰی مِثْلِهَا مِنَ الْغَدِ شَرٌّ لِّی فِی دِیْنِی وَمَعَاشِی وَعَاقِبَةِ اَمْرِی فَاصْرِفْهُ عَنِّی وَاصْرِفْنِی عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِی بِهٖ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥

—— ۴ ——

نمازِ دعا ر استجاب

دو رکعت ہیں۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورہ سبح اسم ربک یکبار، دوسری میں بعد سورہ فاتحہ انا انزلنا پانچ بار پڑھ کر بعد سلام یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْیَآءِ اِلَیَّ وَاجْعَلْ خَوْفَكَ اَخْوَفَ الْاَشْیَآءِ اِلَیَّ اَللّٰهُمَّ اِذَا اَقْرَرْتَ عُیُوْنَ اَهْلِ الدُّنْیَا بِدُنْیَاهُمْ فَاقْرِرْ عَیْنِیَّ بِكَ وَبِعِبَادَتِكَ وَاقْطَعْ عَنِّی لَذَّاتِ الدُّنْیَا بِاُنْسِكَ وَالشَّوْقِ اِلٰی لِقَائِكَ وَاجْعَلْ طَاعَتَكَ فِی كُلِّ شَیْئٍ مِّنِّی یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ٥ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِی حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُنِی اِلٰی حُبِّكَ وَاجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْیَآءِ اِلَیْنَا مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ لِلْعَطْشَانِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ٥ اَللّٰهُمَّ اسْقِنِی بِكَاْسِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَرْبَةً لَا اَظْمَاءُ بَعْدَهَا اَبَدًا

marfat.com
Marfat.com

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِيْنَ ٥

۵

نمازِ دعاءِ شکر النّہار

دو رکعت ہیں۔ ہر رکعت میں فاتحہ سورۂ اخلاص پنج پنج بار پڑھ کر ختم کرے اور بعد سلام یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الصَّبَاحِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الْمَسَاءِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ الْمَبِيْتِ ٥ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِمًا مَعَ دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ ٥ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا دَائِمًا عَدَدَ الْقَطَرَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْحَجَرِ وَالشَّجَرِ وَالْاَوْرَاقِ ٥ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَفَاهُ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰهِيْ بِرَحْمَتِكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ وَلَا اِلٰى غَيْرِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّ لَا اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ وَاَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَتُبْ عَلَيَّ وَاغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰاحِمِيْنَ ٥ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

marfat.com

Marfat.com

۶

نماز دعا حق الوالدین ،

دو رکعت ہیں۔ ہر رکعت بعد فاتحہ آیۃ الکرسی ایک بار و سورہ اخلاص ۳ بار۔ بعد ختم نماز و سلام یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا لَطِيْفُ اُلْطُفْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ فِيْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ كَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰى يَا عَلِيْمُ يَا قَدِيْرُ فَاغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ٥

۷

نماز صلوٰۃ العاشقین۔

اس کی چار رکعت ہیں۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ یا اللہ صد بار۔ دوسری میں بعد فاتحہ یا رحمٰن صد بار۔ تیسری میں بعد فاتحہ یا رحیم صد بار۔ چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ یا وَدُوْدُ صد بار۔ بعد ختم نماز و سلام یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ زِدْ نُوْرَنَا وَ زِدْ سُرُوْرَنَا وَزِدْ حُضُوْرَنَا وَ زِدْ مَعْرِفَتَنَا وَ زِدْ طَاعَتَنَا وَ زِدْ نِعْمَتَنَا وَ زِدْ مَحَبَّتَنَا وَزِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَ زِدْ ذَوْقَنَا وَ زِدْ عِلْمَنَا وَزِدْ عَمَلَنَا يَا مَوْلَانَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥

marfat.com

Marfat.com

— ۸ —

تلاوت

قرآن مجید اور منزل اسبوع شریف بلا ناغہ پڑھنا اس مقام کو جلدی پکاتا ہے ان کو ہرگز ہرگز ترک نہ ہونے دیں۔ جو لوگ کہ قرآن شریف جانتے ہوں۔

— ۹ —

قبل از نماز عصر چار رکعت سنت پڑھیں جن کی ترکیب یہ ہے کہ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ عصر چار بار۔ دوسری میں تین بار۔ تیسری میں دو بار۔ چوتھی میں یک بار پڑھ کر بعد ختم وسلام نماز یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ يَا دَائِمَ الْفَضْلِ عَلَى الْبَرِيَّةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالْعَطِيَّةِ وَيَا صَاحِبَ الْمَوَاهِبِ السَّنِيَّةِ وَيَا دَافِعَ الْبَلَاءِ وَالْبَلِيَّةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى السَّجِيَّةِ وَعَلٰى اٰلِهِ الْبَرَرَةِ التَّقِيَّةِ وَاغْفِرْ لَنَا يَا ذَا الْهُدٰى الْعُلٰى فِيْ هٰذَا الْعَصْرِ وَالْعَشِيَّةِ رَبَّنَا تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ ؕ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ؕ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ

— ۱۰ —

صلوٰۃ الاوّابین

یہ نماز بھی نہ چھوڑے اسکی ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز مغرب چھ رکعات پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ اخلاص تین تین بار۔ بعد ازاں دو رکعت نماز حفظ الایمان پڑھے جس کی رکعت اول میں بعد سورہ فاتحہ اخلاص ہفت بار اور سورۂ فلق یکبار اور

marfat.com

Marfat.com

دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ اخلاص ہفت بار اور سورۂ ناس یکبار پڑھ کر بعد سلام سر سجدہ میں رکھ کر تین بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَانِ کہے اور پھر سر سجدہ سے اٹھا کر ہاتھ بلند کر کے کہے۔ خداوندا بحرمت حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و بحرمت جمیع خواجگان نقشبندیہ و قادریہ و سہروردیہ و چشت اہل بہشت کے ہر ذلت ہر علت ہر قلت اور سلب ایمان سے اپنی حفاظت میں محفوظ رکھ۔ آمین یارب العالمین۔

—— ۱۱ ——

نماز عشاء

اوّل وقت میں پڑھ کر اور معمولات سے فارغ ہو کر جلدی سو رہنا چاہیئے تاکہ نیند پوری ہو کر تہجد کے وقت آنکھ جلدی کھل جائے اور اس وقت کے تمام وظائف تسلی و اطمینان کے ساتھ ادا ہو جائیں اور نماز صبح تک ذکر میں مشغول رہے۔

—— ۱۲ ——

جب نماز صبح کا وقت آئے تو نماز جماعت کے ساتھ ادا کر کے بعد سلام آیۃ الکرسی یکبار سُبْحَانَ اللّٰہِ تینتیس ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تینتیس ۳۳ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ چونتیس بار اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یک بار پڑھ کر اسی بار یَا وَدُوْدُ پڑھے۔ پھر دعا مانگ کر طلوع آفتاب تک مسبعات عشر کو ختم کرے۔ بعدہٗ اسماء حسنیٰ متصل و منفصل تمام دونوں قسم کے پڑھے۔ اس کے بعد منزل اسبوع شریف اور درود و مستغاث پڑھ کر نماز اشراق ادا کرے۔ بعد نماز اشراق حزب البحر پڑھ کر اور طعام وغیرہ سے فارغ ہو کر قیلولہ کرے یعنی لیٹ رہے۔ ظہر کی اذان کے ساتھ اٹھ کر نماز ادا کر کے تلاوت کلام مجید ترتیل کے ساتھ جس قدر میسر ہو اور مقرر ہو کر کرے جو قرآن شریف جانتا ہو

marfat.com

Marfat.com

—— ۱۳ ——

یہ تمام اوراد جو مذکور ہوئے۔ ولایتِ کبریٰ وولایت علیا تک بدستور بلاناغہ کرتے رہیں ترک نہ کریں بلکہ کمالاتِ نبوت ورسالت والوالعزم تک اسی طرح جاری رہیں گے۔

—— ۱۴ ——

صحبت غیر ومخالف سے پرہیز کلی رکھیں کیونکہ صحبت بد کا اثر زہر قاتل کا اس راستہ میں حکم رکھتا ہے۔ تم صحبت کے اثر کو خواہ دل سے قبول کرو یا نہ کرو مگر وہ اثر بلا مرضی وارادہ تمہارے کے خود بخود تمہاری طبیعت پر غلبہ پالیتا ہے اور جب کثرت فدیادتی ہوجاتی ہے تو تمہاری روح اس کے رنگ میں رنگین ہوجاتی ہے جس کی ظاہر نشانی یہ ہے کہ تم سے وہ تمام معمولات واوراد چھوٹ کر اس راستہ سے دل میں انکار آجاتا ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ ایسی حالت میں توبہ استغفار اور ندامت بڑی عمدہ دوا ہے جو خداوند تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔

—— ۱۵ ——

ازالۂ صحبت بد کی بڑی عمدہ اور موثر تدبیر یہ ہے کہ بہت جلدی اپنے شیخ مقتدا کی حضوری میں حاضر ہو جائے اگر یہ میسر نہ ہو سکے تو اپنے اس پیر بھائی کے پاس جلدی پہنچے جو اس سے آگے کے مقام میں ہو اور اس سے اپنی حالت بیان کر کے اس کی توجہ میں بیٹھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت فائدہ ہوگا اور اس بری صحبت کا اثر زائل ہو کر لذت ذکر و مراقبہ وغیرہ حاصل ہو جائے گی

—— ۱۶ ——

رابطہ مرشد ہادی اس مقام اور اگلے تمام مقامات میں اہم ضروری اور لابدی ہے جس حد تک رابطہ کو بڑھائیں گے اسی قدر جلد خدا تک پہنچیں گے اسکا طریقہ یہ ہے کہ ہر حالت میں اور ہر وقت مرشد کو اپنی نظر میں رکھے اور چہرہ پیشوا کو سامنے رکھے کہ میری طرف متوجہ اور فیض پہنچا رہے ہیں

—— ۱۷ ——

آداب مرشد کو ہر وقت نظر میں رکھے۔ ایک دم بھی اس خیال سے خالی نہ رہے کیونکہ اس

marfat.com
Marfat.com

راستہ میں جو کچھ حاصل ہوتا ہے وہ آداب ہی سے ہوتا ہے۔ بے ادب گستاخ کی اس راستہ میں گزر نہیں، وہ شخص خدا تعالیٰ کی تمام نعمتوں سے محروم رہتا ہے اور قرآن شریف و حدیث شریف اور تمام اولیائے کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی یہی ہدایت ہے کہ ادب کو بے حد ملحوظ رکھو۔ انشاء اللہ آخیر میں مشرح آداب لکھے جائیں گے۔

۱۸

اپنے دل میں مرشد کی محبت کو اس قدر بڑھائیں کہ محبتِ غیر کا نام و نشان باقی نہ رہے زن، فرزند، مال و حشمت اور طلبِ جاہ و مال حتیٰ کہ اپنی زندگی و حیات کی محبت بھی حبِ مرشد میں نیست و نابود ہو جائے۔ نہ خیالِ عزت و آبرو رہے نہ ننگ و عار۔ پیشوا کے ہر حکم کو سعادت جانے اور اس کی دل و جان سے بجا لانے میں ساعی و کوشاں رہے۔

۱۹

مرشد کامل کے غصہ و رنج سے جہاں تک ممکن ہو بچو اور اگر وہ تمہاری غلطیوں اور نالائقیوں سے تم پر خفا ہوں اور برا بھلا کہیں تو رنجیدہ نہ ہوں اور محبت و اعتقاد سے دل نہ توڑیں کیونکہ ان کا یہ غصہ تمہارے حق میں عین رحمت الٰہی ہے۔ وہ بظاہر تم پر اپنے غصے اور رنج کے ذریعہ سے عتاب اور غضب الٰہی کو دور فرماتے ہیں۔

۲۰

بیعت ہونے اور مرشد کے ہاتھ میں ہاتھ دینے کے وقت نیت پختہ اور مضبوط رکھو کہ خدا تعالیٰ کے اس مقبول و پاک بندے کے طفیل مجھے اللہ تعالیٰ اپنا بندہ بنا لے اور نفس و شیطان کی غلامی سے آزادی بخش دے کیونکہ کسی شخص میں بدوں طاقتِ الٰہی نفس و شیطان سے چھوٹنے کی قدرت نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیائے کرام کو اسی ایک اہم کام کے واسطے دنیا میں پیدا فرمایا ہے کہ انکے ذریعہ سے نفوس انسانی شیطان کی قید سے چھوٹ کر مخلص بندے بن جائیں۔ رسمی بیعت اور دنیاوی لالچ اور خواہش سے پرہیز کریں۔

marfat.com

Marfat.com

ترتیب اَوراد وظائف

اَسمائِ حُسنیٰ

باری تعالیٰ عزّ اسمہٗ کے نام دو قسم کے ہیں۔ ایک منفصل اور دوسرے متّصل۔ متّصل وہ ہیں جن میں ہر ایک اسم پاک کے ساتھ جَلّ جَلالُہٗ شامل کر کے پڑھا جائے اور منفصل وہ ہیں جو خالص بلا اشتمال لفظ جَلّ جَلالُہٗ کے پڑھے جائیں۔ سو بموجب قاعدہ نمبر ۱۲ کے صبح کو یہ اسماء مبارک ہر دو طریق سے پڑھے جائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ

وہی معبود برحق ہے جس کے سوا کوئی خدا نہیں

اَلرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلرَّحِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمَلِکُ جَلَّ جَلَالُہٗ
بہت رحم کرنے والا عالیشان	بہت مہربان عالی شان	بادشاہ عالی شان
اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے بہت پاک عالی شان	اے سلامت رکھنے والے عالیشان	اے امن دینے والے عالی شان
اَلْمُھَیْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْعَزِیْزُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے نگہبان بڑی شان والے	اے غالب بڑے عالی شان	اے جبر کرنے والے عالی شان
اَلْمُتَکَبِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے بزرگی والے عالی شان	اے پیدا کرنے والے عالی شان	اے پیدا کرنے والے عالی ہے شان کو

marfat.com
Marfat.com

المصور جل جلالہ	الغفار جل جلالہ	القہار جل جلالہ
اے صورت بنانیوالے عالی شان	اے بخشش کرنے والے عالی شان	اے ہر چیز پر غالب عالی شان
الوہاب جل جلالہ	الرزاق جل جلالہ	الفتاح جل جلالہ
اے بہت دینے والے عالی شان	اے رزق دینے والے عالی شان	اے مشکلات حل کرنے والے
العلیم جل جلالہ	القابض جل جلالہ	الباسط جل جلالہ
اے جاننے والے عالی ہے شان اسکی	اے تنگ کرنے والے عالی شان	اے فراخ کرنیوالے روزی کے عالیشان
الخافض جل جلالہ	الرافع جل جلالہ	المعز جل جلالہ
اے پست کرنے والے عالی شان	اے مراتب کو بلند کرنیوالے عالی شان	اے عزت دینے والے عالی شان
المذل جل جلالہ	السمیع جل جلالہ	البصیر جل جلالہ
اے خوار کرنیوالے عالی شان	اے سننے والے عالی شان	اے دیکھنے والے عالی شان
الحکم جل جلالہ	العدل جل جلالہ	اللطیف جل جلالہ
اے فیصلہ کرنے والے عالی شان	اے انصاف کرنیوالے عالی شان	اے باریک بین عالی شان
الخبیر جل جلالہ	الحلیم جل جلالہ	العظیم جل جلالہ
اے ہر چیز سے خبردار عالی شان	اے بردبار عالی ہے شان اسکی	اے بزرگ ذات وصفات عالیشان
الغفور جل جلالہ	الشکور جل جلالہ	العلی جل جلالہ
اے بخشنے والے عالی شان	اے قدر کرنے والے عالی شان	اے بلند مرتبہ عالی شان
الکبیر جل جلالہ	الحفیظ جل جلالہ	المقیت جل جلالہ
اے بڑے رتبے عالی شان	اے خلق کے نگہبان عالی شان	اے قوت دینے والے عالی شان
الحسیب جل جلالہ	الجلیل جل جلالہ	الکریم جل جلالہ
اے حساب کرنے والے عالی شان	اے بزرگ قدر عالی شان	اے برگزیدہ عالی شان
الرقیب جل جلالہ	المجیب جل جلالہ	الواسع جل جلالہ
اے نگاہ بان عالی شان	اے قبولیت دعا کرنیوالے عالیشان	اے وسعت دینے والے عالیشان

marfat.com

Marfat.com

اَلْحَکِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمَجِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے دانا عالی ہے شان اسکی	اے دوست رکھنے والے عالی شان	اے بزرگ عالی ہے شان اسکی
اَلْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلشَّہِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْحَقُّ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے اٹھانے والے عالی شان	اے حاضر عالی شان	اے سچے عالی شان
اَلْوَکِیْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْقَوِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے کارساز عالی شان	اے طاقتور عالی شان	اے مضبوط بڑی شان والے
اَلْوَلِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْحَمِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُحْصِی جَلَّ جَلَالُہٗ
اے مومنوں کے دوست عالی شان	اے تعریف کرنیوالے اپنی ذات کے عالی شان	اے احاطہ کرنے والے عالی شان
اَلْمُبْدِیُٔ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُعِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُحْیِی جَلَّ جَلَالُہٗ
اے پیدا کرنے والے عالی شان	اے دوبارہ پیدا کرنے والے عالی شان	اے زندہ کرنیوالے عالی شان
اَلْمُمِیْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْحَیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْقَیُّوْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے مارنے والے عالی شان	اے زندہ عالی شان	اے قیوم عالی شان
اَلْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے غنی بے پرواہ عالی شان	اے بزرگی والے عالی شان	اے یکتا عالی شان
اَلْاَحَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے ایک بلند شان والے عالی شان	اے بے نیاز عالی شان	اے قدرت والے عالی شان
اَلْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے قدرت ظاہر کرنیوالے عالی شان	اے سب سے آگے عالی شان	اے پیچھے کرنے والے عالی شان
اَلْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلظَّاہِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے سب سے اوّل عالی شان	اے آخر سب سے عالی شان	اے اپنی صفات کے ساتھ ظاہر عالی شان
اَلْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْوَالِی جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُتَعَالِی جَلَّ جَلَالُہٗ
اے پوشیدہ وہم و خیال سے عالی شان	اے کارساز عالی شان	اے بہت بلند شان والے عالی شان

marfat.com

Marfat.com

اَلْبَرُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلتَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے نیکوکار بڑی شان والے	اے توبہ قبول کرنے والے عالی شان	اے بدلہ لینے والے عالی شان
اَلْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلرَّؤُفُ جَلَّ جَلَالُہٗ	مٰلِكُ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے معاف کرنے والے عالی شان	اے مہربان بڑی شان والے	اے شاہِ جہان عالی شان والے
ذُوالْجَلَالِ جَلَّ جَلَالُہٗ	وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے صاحب حشمت عالی شان	اے صاحب کرم عالی شان	اے انصاف کرنے والے عالی شان
اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْغَنِيُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْمُغْنِي جَلَّ جَلَالُہٗ
اے جمع کرنے والے عالی شان	اے بے پرواہ عالی شان	اے بے پرواہ کرنے والے عالی شان
اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلضَّارُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے منع کرنے والے عالی شان	اے مضرت پہنچانے والے عالی شان	اے نفع پہنچانے والے عالی شان
اَلنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْهَادِي جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْبَدِيعُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے روشنی بخشنے والے عالی شان	اے ہدایت دینے والے عالی شان	اے بے نمونہ چیزیں پیدا کرنے والے عالیجاہ
اَلْبَاقِي جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلرَّشِيْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے ہمیشہ باقی رہنے والے عالیجاہ	اے فنائے خلق کے بعد باقی رہنے والے عالیجاہ	اے رہنمائے عالم کے عالی شان
اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلَّذِي لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ	
اے بردبار عالی شان	وہ ذات کہ نہیں مانند مثال اس کے کوئی چیز اور	

وَهُوَ السَّمِيعُ جَلَّ جَلَالُہٗ	اَلْبَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ
سننے والا ہے عالی شان	دیکھنے والا عالی شان
غُفْرَانَكَ جَلَّ جَلَالُہٗ	رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ
تیری مغفرت چاہیے عالی شان	اے ہمارے رب اور تیری طرف ہی رجوع ہے اے عالی شان
نِعْمَ الْمَوْلٰى جَلَّ جَلَالُہٗ	وَنِعْمَ النَّصِيْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ
کیا خوب ہے آقا عالی شانہ	اور کیا خوب مددگار عالی شان

marfat.com

Marfat.com

بَصِیْرٌ جَلَّ جَلَالُہٗ	سَمِیْعٌ جَلَّ جَلَالُہٗ
دیکھنے والا عالی شان	سننے والا عالی شان
قَدِیْرٌ جَلَّ جَلَالُہٗ	عَلِیْمٌ جَلَّ جَلَالُہٗ
قدرت والا عالی شان	جاننے والا عالی شان
مُتَکَلِّمٌ جَلَّ جَلَالُہٗ	مُرِیْدٌ جَلَّ جَلَالُہٗ
کلام کرنے والا عالی شان	ارادے والا عالی شان

تمام شد اسماءِ حسنیٰ

وِردِ اسبُوع شریف

لسیدنا غوث الاعظم شیخ ابی محمد عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ

نے

(یہ ہفتہ بھر کے تمام دنوں کی دعائیں ہیں) ہر روز کی تجلیات سے مدد لے کر مقصود کی دعا فرمائی ہے۔ اگر کوئی شخص اس ورد کو بلاناغہ ایک سال متواتر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ ایک سال میں سلوک پورا ہو جائے گا۔ اس کے پڑھنے کا وقت بارہ بجے دن سے پہلے ہے۔

marfat.com

Marfat.com

وردِ روزِ یکشنبہ (اتوار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْجَمِيْلُ الرَّحْمٰنُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی بزرگ بڑا مہربان نہایت

الرَّحِيْمُ ۝ اللَّطِيْفُ الْحَلِيْمُ الرَّءُوْفُ الْعَفُوُّ

رحم والا لطف کرنے والا بردبار مہربان معاف کرنے والا

الْمُؤْمِنُ النَّصِيْرُ الْمُجِيْبُ الْمُغِيْثُ الْقَرِيْبُ

امن دینے والا مددگار دعائیں قبول کرنے والا فریادرس نزدیک جلدی

السَّرِيْعُ الْكَرِيْمُ ذُو الْإِكْرَامِ ذُو الطَّوْلِ رَبِّ

حساب لینے والا کرم کرنے والا صاحب اکرام صاحب حشمت اے میرے پروردگار

أَكْسِنِيْ مِنْ جَمَالِ بَدِيْعِ الْأَنْوَارِ الْجَمَالِيَّةِ

مجھے اپنے انوکھے خوبصورت انوار جمال کے لباس پہنا جو اپنی

مَا يُدْهِشُ أَبْوَابَ الذَّرَّاتِ الْكَوْنِيَّةِ فَتَتَوَجَّهُ

روشنی سے کائنات کے ذروں کے دروازے بند کر دے پس متوجہ ہوں میری طرف

إِلَيَّ حَقَائِقُ الْمُكَوَّنَاتِ تَوَجُّهَ الْمَحَبَّةِ الذَّاتِيَّةِ

کائنات کی حقیقتیں ایسی محبت کے ساتھ جو ذاتی ہو اور

الْجَاذِبَةِ إِلَى شُهُوْدِ مُطْلَقِ الْجَمَالِ الَّذِيْ لَا يُضَارُّهُ

کھینچنے والی ہو ایسے مطلق جمال کے شاہدے کی طرف جس کو کوئی نہ کوئی برائی نقصان

قُبْحٌ وَلَا يَقْطَعُ عَنْهُ إِيْلَامٌ وَاجْعَلْنِيْ مَرْحُوْمًا مِّنْ

پہنچا سکتی ہے اور نہ دور کر سکتا ہے اس سے کوئی دکھ اور بنا دے مجھ کو مستحق

marfat.com

Marfat.com

كُلَّ رَحِيْمٍ بِحُكْمِ الْعَطْفِ الْحُبِّيِّ الَّذِيْ لَا يَشُوْبُهُ انْتِقَامٌ

ہر ایک رحم کا اپنے محبت آمیز حکم کے ساتھ جس میں کوئی انتقام کا شائبہ نہ ہو اور نہ کسی

وَّلَا يُنَقِّصُهُ غَضَبٌ وَّلَا يَقْطَعُ مَدَدَهُ سَبَبٌ وَّتَوَلَّ

کی ناراضگی اس کو کم کر سکتی ہے اور نہ کوئی سبب اس کی مدد میں رکاوٹ بن سکتا ہے

ذٰلِكَ بِحُكْمِ اَبَدِيَّتِهِ وَارْثِيَّتِكَ اِلٰى غَيْرِ نِهَايَةٍ لَّا تَقْطَعُهَا

اور کارسازی رہے تیری ہمیشگی کے حکم کے ساتھ جو لا انتہا ہو جس کی کوئی حد نہ ہو

غَايَةٌ يَا رَحِيْمُ هُوَ الرَّحِيْمُ رَبَّاهُ غَوْثَاهُ يَا خَفِيًّا لَّا يَظْهَرُ يَا

اے مہربان جو نہایت مہربان ہے۔ اے میرے پروردگار۔ اے فریادرس اے ظاہر جو

ظَاهِرًا لَّا يَخْفٰى لَطُفَتْ اَسْرَارُ وُجُوْدِكَ الْاَعْلٰى فَتَرٰى

پوشیدہ نہیں ہوتا۔ تیرے اعلیٰ وجود کے بھید نہایت لطیف ہیں پس تو تمام

فِىْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ وَّعَلَتْ اَنْوَارُ ظُهُوْرِكَ الْاَقْدَسِ فَبَدَتْ

موجودات میں دیکھا جا سکتا ہے اور بلند ہیں تیرے پاک ظہور کے انوار پس

فِىْ كُلِّ مَشْهُوْدٍ وَّاَنْتَ الْحَلِيْمُ الْمَنَّانُ بِالرَّاْفَةِ وَالْعَفْوِ

ہر مشہود میں ظاہر ہو رہے ہیں اور تو بردبار احسان کرنے والا ہے نرمی اور جلدی مغفرت

السَّرِيْعُ بِالْمَغْفِرَةِ مُؤْمِنُ الْخَائِفِيْنَ نَصِيْرُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

کے ساتھ ڈرنے والوں کو امن دینے والے فریاد کرنے والوں کے مددگار

الْقَرِيْبُ بِمَحْوِ جِهَاتِ الْقُرْبِ وَالْبُعْدِ عَنْ عُيُوْنِ الْعَارِفِيْنَ

قریب ہے دوری اور نزدیک کے جہات سے قطع نظر۔ عارفوں کی آنکھوں سے

يَا كَرِيْمُ يَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِكْرَامِ سَلَامٌ قَوْلًا

اے بزرگ اے صاحب کرم اے صاحب حشمت و جاہ سلام مہربان

مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

رب کی طرف سے اور سب تعریفیں اللہ رب العلمین کے واسطے ہیں۔

ف بے حجابی یہ کہ ہر ذرے سے جلوہ آشکار اور حجاب اتنا کہ صورت آج تک نادیدہ ہے۔

marfat.com

Marfat.com

وِردِ روزِ دوشنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کا نام لیکر جو نہایت مہربان رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِيْمُ الرَّحِيْمُ الْفَعَّالُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں جو بردبار مہربان بہت کارکن

اللَّطِيْفُ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ الصَّبُوْرُ الرَّشِيْدُ الرَّحْمٰنُ

باریک بین کارساز سراہا گیا متحمل ہدایت والا مہربان

رَبِّ اَذِقْنِيْ مِنْ بَرْدِ حِلْمِكَ عَلٰى مَا اَبْتَهِجُ بِهٖ فِيْ

اے پروردگار مجھے اپنے علم کی ٹھنڈک چکھا جس سے خوش ہو جاؤں میں اپنے حالات

عَوَالِمِيْ فَلَا اَشْهَدُ فِي الْكَوْنِ اِلَّا مَا يَقْتَضِيْ سُكُوْنِيْ

میں۔ پس میں نہ دیکھوں جہاں میں سوائے ان اسباب کے جو میرے سکون اور

وَرِضَائِيْ فَاِنَّكَ الْحَقُّ وَاَمْرُكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ الْحَكِيْمُ الرَّحِيْمُ

رضا کا باعث ہوں۔ کیونکہ تو حق ہے اور تیرا امر بھی حق ہے اور تو دانا مہربان ہے

رَبِّ اَشْهِدْنِيْ مُطْلَقَ فَاعِلِيَّتِكَ فِيْ كُلِّ مَفْعُوْلٍ حَتّٰى

اے رب میرے دکھا مجھ کو اپنی کمال قدرت ہر مخلوق میں یہاں تک کہ نہ دیکھوں میں

لَا اَرٰى فَاعِلًا غَيْرَكَ لِاَكُوْنَ مُطْمَئِنًّا تَحْتَ جَرَيَانِ

تیرے سوا کوئی کارساز تاکہ ہو جاؤں مطمئن تیری کا تابع ہر حکم

اَقْدَارِكَ مُنْقَادًا لِكُلِّ حُكْمٍ وَّجُوْدِيٍّ عَيْنِيٍّ وَّغَيْبِيٍّ وَّبَرْزَخِيٍّ يَا

وجودی عینی اور غیبی برزخی کا

نَافِخًا رُوْحَ اَمْرِهٖ فِيْ كُلِّ عَيْنٍ اِجْعَلْنِيْ مُنْفَعِلًا فِيْ كُلِّ

ماننے والا اے پھونکنے والے اپنے حکم کی روح ہر موجود میں بنا مجھ کو قبول کرنے والا ہر

marfat.com

Marfat.com

حَالٍ لِّمَا يُحَوِّلُنِي عَنْ ظُلُمٰتِ تَكْوِيْنَاتِيْ وَامْحَقْ فِعْلِيْ وَفِعْلَ

حال ہیں جو کر مجھے جہان کے اندھیروں سے پھیر دے اور اپنی یکتا قدرت کے سامنے

الْفَاعِلِيْنَ فِيْ اُحَدِيَّةِ فِعْلِكَ وَتَوَلَّنِيْ بِجَمِيْلِ حَمِيْدِ

میرا فعل اور سب کے افعال نیست کر دے اور میرے تمام ارادوں میں اپنے

اِخْتِيَارِكَ لِيْ فِيْ جَمِيْعِ تَوَجُّهَاتِيْ وَافْنِ مِنِّيْ اِرَادَتِيْ وَ

پسندیدہ اختیار سے کارساز بن۔ اور میرا ارادہ مجھ سے فنا کر اور ثابت

صَبِّرْنِيْ وَسَدِّدْنِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاصْحَبْنِيْ بِاللُّطْفِ وَالْعِنَايَةِ

قدم رکھ مجھ کو اور روک دے مجھ کو خواہشات نفسانی سے اور رحم فرما لطف و

بِمَعِيَّةٍ خَاصَّةٍ مِّنْكَ وَحَقِّقْنِيْ بِقُرْبِكَ الَّذِيْ لَا وَحْشَةَ

عنایت اور اپنی خاص معیت سے میرا ساتھی بن جا اور ثابت قدم کر مجھ کو اپنے قرب سے جس میں

مَعَهٗ يَا رَحْمٰنُ يَا سَلَامُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

گھبراہٹ نہ ہو اے مہربان۔ اے سلامتی والے اور تمام حمد ثابت ہیں اللہ رب العالمین کو۔

وِردِ روزِ سہ شنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کا نام لے کر جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اِلٰهِيْ مَا اَحْلَمَكَ عَلٰى مَنْ عَصَاكَ وَمَا اَقْرَبَكَ مِمَّنْ دَعَاكَ

اے میرے معبود تو اپنے نافرمان پر کیسا مہربان ہے اور کیسا نزدیک ہے پکارنے والے سے

وَمَا اَعْطَفَكَ عَلٰى مَنْ سَاَلَكَ وَمَا اَرْاَفَكَ بِمَنْ اَمَّلَكَ مَنْ

اور کیسا مہربان ہے سوال کرنے والے پر اور کیسا شفیق ہے امیدوار پر کون

ذَا الَّذِيْ سَاَلَكَ فَحَرَمْتَهٗ اَوْ لَجَاَ اِلَيْكَ فَاَهْمَلْتَهٗ

ہے جو تجھ سے مانگے پھر محروم رہا یا تجھ سے ملتجی ہوا تو ناکام رہا

marfat.com

Marfat.com

اَوْتَقَرَّبَ مِنْكَ فَاَبْعَدْتَّهٗ اَوْهَرَبَ اِلَيْكَ فَطَرَدْتَّهٗ لَكَ

یا تجھ سے نزدیکی چاہی تو اسکو تو نے دور ہٹا دیا یا دوڑا تیری طرف تو تو نے اسکو دھتکار دیا

الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ اِلٰهِيْ اَتَرَاكَ تُعَذِّبُنَا وَتَوْحِيْدُكَ فِيْ

خلق اور امر سب تیرا ہے یا اللہ کیا تجھ کو مناسب ہے کہ ہمیں عذاب دے در انحالیکہ تیری

قُلُوْبِنَا وَمَا اَخَالُكَ تَفْعَلُ وَلَئِنْ فَعَلْتَ اَتَجْمَعُنَا مَعَ

توحید ہمارے دلوں میں ہو اور مجھے گمان نہیں کہ تو ایسا کرے اگر ایسا کرے تو کیا

قَوْمٍ طَالَ مَا بَغَضْنَاهُمْ لَكَ فَبِالْمَكْنُوْنِ مِنْ اَسْمَآئِكَ

ہمیں ایسے لوگوں سے لائے گا جن سے ہمیں تیرے لئے بغض ہے اور اپنے اسماء کی

وَمَا وَارَتْهُ الْحُجُبُ مِنْ بَهَآئِكَ اَنْ تَغْفِرَ لِهٰذِهِ

پوشیدہ تاثیر اور در پردہ چمک کی طفیل اس حریص نفس اور بے صبر دل کو بخشدے

النَّفْسِ الْهَلُوْعِ وَلِهٰذَا الْقَلْبِ الْجَزُوْعِ الَّذِيْ لَا يَصْبِرُ

جو دھوپ کو نہیں سہار سکتا

لِحَرِّ الشَّمْسِ فَكَيْفَ يَصْبِرُ لِحَرِّ نَارِكَ يَا حَلِيْمُ يَا عَظِيْمُ

وہ کیسے سہارے گا تیری آگ کی تپش کو اے بردبار اے عظیم المرتبہ

يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنَ الذُّلِّ اِلَّا

اے سخی اے مہربان اے اللہ ہم پناہ چاہتے ہیں تیری کے سوا ہر ذلت سے

لَكَ وَمِنَ الْخَوْفِ اِلَّا مِنْكَ وَمِنَ الْفَقْرِ اِلَّا اِلَيْكَ ۞

اور تیرے خوف کے سوا ہر خوف سے اور تیری احتیاج کے سوا ہر محتاجی سے

اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وُجُوْهَنَا اَنْ تَسْجُدَ لِغَيْرِكَ

اے اللہ جیسا کہ ہمارے چہروں کو سجدۂ غیر سے تو نے بچایا ہے

فَصُنْ اَيْدِيَنَا اَنْ تَمْتَدَّ بِالسُّؤَالِ لِغَيْرِكَ

اسی طرح ہمارے ہاتھوں کو [illegible] سوال [illegible] بچا

marfat.com

Marfat.com

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ؕ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بیشک میں ہی ظالموں سے ہوں۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ

اور سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے واسطے ہیں

وِردِ روزِ چہار شنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

اِلٰهِیْ عَمَّ قِدَمُكَ حَدَثِیْ فَلَا اَنَا وَاَشْرَقَ سُلْطَانُ نُوْرِ وَجْهِكَ

اے اللہ تیری ہمیشگی میری فنا پر غالب ہے پس میں بے حقیقت ہوں اور تیرے نور ذاتی کی

فَاَضَآءَ هَیْكَلَ بَشَرِیَّتِیْ وَلَا سِوَاكَ فَمَادَامَ مِنِّیْ فَبِدَوَامِكَ

چمک نے میری بشریت کے فانوس کو روشن کر دیا اور تیرے سوا کوئی نظر نہیں آتا پس میری بقا

وَمَافَنٰی عَنِّیْ فَبِرُؤْیَتِیْ اِیَّایَ وَاَنْتَ الدَّآئِمُ لَآ

تیری بقا سے ہو اور جب فنا ہوں تیرا دیدار نصیب ہو اور تو دائم ہے تیرے سوا

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْئَلُكَ بِالْاَلِفِ اِذَا تَقَدَّمَتْ وَ

کوئی معبود نہیں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اللہ کے الف کے طفیل جو پہلے آتا ہے اور

بِالْهَآءِ اِذَا تَاَخَّرَتْ وَبِالْهَآءِ مِنِّیْ اِذَا انْقَلَبَتْ

ہاء کے طفیل جب لام سے بدل جاتی ہے کہ اپنی ذات میں فانی کر دے

لَامًا اَنْ تُفْنِیَنِیْ بِكَ عَنِّیْ حَتّٰی تَلْتَحِقَ الصِّفَةُ

یہاں تک کہ ہر تک ہو جاؤں

بِالصِّفَةِ وَتَقَعَ الرَّابِطَةُ بِالذَّاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اور ذات کی ذات سے رابطہ قائم ہو اور تیرے سوا کوئی

marfat.com

Marfat.com

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَصَلَّى اللّٰهُ

معبود نہیں۔ اے زندہ اے قائم رکھنے والے اے صاحب حشمت وجاہ اور رحمت ہو اللہ

تَعَالٰى وَسَلَّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

تعالٰی کی اور سلام ہو ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپکی آل پر اور آپ کے

اَجْمَعِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ

تمام اصحاب پر اور تمام تعریفیں ثابت ہیں اللہ رب العالمین کیواسطے اور تمام حمد ثابت ہیں اللہ وحدہ کیواسطے

وردِ روزِ پنجشنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کا نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الٓمّٓ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا

اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں کہ وہی زندہ ہے تھامنے والا اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ اَللّٰهُمَّ

کہ وہی زندہ ہے تھامنے والا اور تمام چہرے ذلیل ہیں حی وقیوم کے سامنے اے بار خدایا

اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ نَبِيُّكَ

میں تجھ سے ہی سوال کرتا ہوں اے اللہ اے اللہ اے اللہ جو سوال کیا تھا تجھ سے تیرے نبی

مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ

محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم نے اے ودود اے ودود

يَاوَدُوْدُ يَاذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَامُبْدِئُ يَامُعِيْدُ يَافَعَّالٌ

اے ودود اے صاحب عرش بزرگ اے پہلی مرتبہ پیدا کرنیوالے اے دوبارہ پیدا کرنیوالے اے

لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ مَلَاَ اَرْكَانَ

اپنی مرضی کیمطابق کرگزرنے والے تیرے نور ذات کے طفیل سوال کرتا ہوں جس نے پر کر دیا عرش کے ارکان کو

marfat.com

Marfat.com

عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ

اور تیری قدرت کے طفیل جس کے ساتھ تو تمام مخلوقات پر غالب ہے

خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ

اور تیری رحمت کے طفیل جس نے ہر چیز کو گھیر لیا سوائے

اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ

تیرے کوئی معبود نہیں پاک ہے تیری ذات اے فریادرس میری فریادرسی کر اے بارِ خدایا

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا لَطِیْفُ قَبْلَ كُلِّ لَطِیْفٍ وَیَا لَطِیْفُ

بیشک میں تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں اے مہربان ہر مہربان سے پہلے اور اے مہربان

بَعْدَ كُلِّ لَطِیْفٍ یَا لَطِیْفُ (۳ بار) لَطُفْتَ بِخَلْقِ

ہر مہربان کے بعد اے مہربان تو نے لطف فرمایا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۝ اَسْئَلُكَ یَا رَبِّ كَمَا لَطُفْتَ بِیْ

ارض و سما کو پیدا فرما کر میں تجھ ہی سے مانگتا ہوں اے رب میرے جیسا کہ

ظُلُمٰتِ الْاَحْشَاءِ ۝ اُلْطُفْ بِیْ فِیْ قَضَائِكَ وَ

تو نے شکم مادر کے اندھیروں میں مجھ پر لطف فرمایا ایسے ہی اپنی قضا و قدر میں مجھ پر

قَدْرِكَ وَفَرِّجْ عَنِّی الضِّیْقَ وَلَا تُحَمِّلْنِیْ مَالَا

لطف فرما اور مجھ سے تنگی دور کر دے اور میری ہمت سے زیادہ مجھ پر بوجھ نہ

اُطِیْقُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ

ڈال بحرمت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰهُ

اور بطفیل ابوبکر صدیق راضی ہو اللہ

تَعَالٰی عَنْهُ یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْ

تعالیٰ ... اے مہربان ... مہربان لطف فرما

marfat.com

Marfat.com

بِیْ بِخَفِیِّ خَفِیِّ لُطْفِكَ الْخَفِیِّ اِنَّكَ

مجھ پر اپنے باریک در باریک لطف کے ساتھ جو نہایت مخفی در مخفی ہے بیشک

قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ

تو نے فرمایا اور تیرا کہنا سچ ہے کہ اللہ مہربان ہے اپنے بندوں پر جو رزق دیتا ہے جس کو چاہے

مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ

اور وہ قوی و غالب ہے اور کافی ہے ہمیں اللہ

وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط

اور بہتر کارساز ہے اور تمام حمد اللہ رب العالمین کے واسطے ہے۔

وِردِ روزِ جمعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعَظِیْمِ قَدِیْمِ كَرِیْمِ مَكْنُوْنِ مَخْزُوْنِ

اے بارخدایا میں تجھ سے ہی مانگتا ہوں تیرے عظیم قدیم بزرگ پوشیدہ محفوظ

اَسْمَآئِكَ وَبِاَنْوَاعِ اَجْنَاسِ رُقُوْمِ نُقُوْشِ اَنْوَارِكَ وَ

ناموں کی طفیل اور تیرے انوار کے نقوش کی تحریروں کی جنسوں کی قسم کے طفیل اور

بِعَزِیْزِ اَعْزَازِ تَعَزُّزِ عِزَّتِكَ وَبِحَوْلِ طَوْلِ جَوْلِ شَدِیْدِ

تیری عزت کے بزرگ اعزاز کے غلبہ کے طفیل اور تیری قوت کے زبردست حملے

قُوَّتِكَ وَبِقَدْرِ مِقْدَارِ اِقْتِدَارِ قُدْرَتِكَ وَبِتَاْئِیْدِ

غلبے طاقت کے طفیل اور تیری قدرت کے اقتدار کے اندازے کے طفیل

تَحْمِیْدِ تَمْجِیْدِ تَعْظِیْمِ عَظَمَتِكَ وَبِسُمُوِّ نُمُوِّ عُلُوِّ

اور تیری بزرگی تعظیم بزرگی حمد کی تائید کے طفیل اور تیری بلندی رفعت کے

marfat.com

Marfat.com

رِفْعَتِكَ وَبِقَيُّوْمِ دَيْمُوْمِ دَوَامِ مُدَّتِكَ وَبِرِضْوَانِ
بڑھنے چڑھنے کے طفیل اور تیری مدت کے دوام کی ہمیشگی اور قیومیت کے طفیل اور تیری
۶ ـــــــ جب پیشوا کسی کی نالائقیوں کے باعث اس سے ناراض ہو جائیں تو اس کو چاہیئے کہ کسی اپنے یا بیگانے سے اس امر کو ظاہر نہ کرے کیونکہ یہ راز خاص اُس کا ہے اور اس کے ساتھ ہے۔ دوسرے کسی شخص کی اس میں مداخلت نہیں نہ کوئی دوسرا پیر کو اس سے راضی کرا دینے کی طاقت رکھتا ہے۔ ہاں خود اس ناراضگی کے دفیعہ کی فکر میں لگا رہے۔ وہ یہ ہے کہ تنہائی میں خدا تعالیٰ کے سامنے عجز و انکساری اور بے حد ذلت کے ساتھ ملتجی ہو کر بار الہا میں نے جو میرا خاصۂ بشری تھا تیرے مقبول بندے کو اپنے سے ناراض کیا۔ اب مجھ میں کسی طرح سے اس کے راضی کرنے کی طاقت نہیں رہی تو ہی ہر شئے پر قادر ہے۔ تمام جہاں کے دل تیری ہی دو انگلیوں کے درمیان ہیں تو ان کو مجھ مسکین سے راضی کرنے کی طاقت و قدرت رکھتا ہے۔ ورنہ اور کوئی سبیل نہیں۔ اب تو ہی اپنی رحمت کاملہ کے ساتھ ان کو مجھ سے راضی کر دے جب تم اپنی تمام تدبیروں کو چھوڑ کر اس کے عالی دربار میں پوری طرح سے گر جاؤ گے تو انشاء اللہ تعالیٰ جلدی ہی پیشوا راضی و خوش ہو جائیں گے۔ کیونکہ مرشد کی ناراضگی اہل دنیا کی سی نہیں ہے جو مرے بغیر نہ نکلے بلکہ ان کی ناراضگی محض خدا تعالیٰ کے واسطے ہے۔ جب تم اسی ذات کے آگے جا گرے اور اپنی ہمت پست کر دی تو پھر بھی خوش ہیں اور ان کی اصل غرض یہی ہے کہ تم خدائے تعالیٰ کے خاص بندے بن جاؤ اپنی خواہشوں اور نفس و شیطان کے بندے نہ رہو۔

۷ ـــــــ اگر کوئی شخص یہ ارادہ کر کے خدا تعالیٰ پر کامل بھروسہ کرے کہ اے رب العالمین میں عاجز مسکین تیرے مقبول و کامل بندے کی [illegible]ش اور دیکھنے کی قدرت نہیں رکھتا۔ نہ مجھ میں بصیرت ہے نہ عقل۔ تو اپنی رحمت کاملہ کے ساتھ

marfat.com
Marfat.com

مجھے اپنے کامل بندے سے ملادے اور اس ارادے پر جا رہے تو ضرور اس کو کوئی نہایت کامل مرد خدا ملے گا۔ پھر جب اس کی طرف ان کا دل مائل ہو جائے تو بعد استخارہ بیعت ہو جائے اور بیعت کے بعد پیشوا سے ہر دم ایسا مضبوط عقیدہ رکھے کہ اگر پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جائے تو بلا سے مگر اس کو نفس و شیطان کسی حیلہ و مکر سے بھی نہ ہلا سکے۔ اگر وہ ایسا پختہ عقیدہ اپنا لے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ اس مرد کامل کے طفیل ضرور بالضرور خدا تعالےٰ سے واصل ہو کر رہے گا چاہے مرنے سے ایک ساعت پہلے ہی کیوں نہ ہولے۔ بلا وصل خداوندی ہرگز جہاں سے نہ جائے گا اور یہی عین سعادت ہے۔

۸ ——— کامل مرد کی بیعت قلب کی بیع ہے پیر کے ہاتھ پر۔ اگر کوئی بیوقوف پیر سے بدظن و منحرف ہو کر چاہے کہ میں بیعت سے آزاد ہو جاؤں یا فرض کرے کہ ہو گیا۔ یہ اس کی سراسر غلطی اور نفس و شیطان کی حماقت رُح کی کمزوری و نالائقی ہے شرعی مسئلہ ہے کہ بائع کی مرضی سے بلا رضا مشتری بیع فسخ نہیں ہو سکتی ہے جب کہ شے مبیعہ پر مشتری کو قبضہ دے چکا ہو اور پیر کامل کا قبضہ مرید کے قلب پر اسی وقت ہو جاتا ہے جب کہ اس نے محبت و خوشی سے اپنا ہاتھ پیر کے ہاتھ میں بیعت کے وقت دے دیا۔ اب چھوڑانا اس کے بس کا نہیں۔ پیر عدالت سے اس بیع کا قبضہ ہر وقت لے لینے کے مجاز ہیں۔ ایک وقت ہو گا کہ بے حد ذلت و خواری اور ندامت و رسوائی کے ساتھ ان کی (نفس و شیطان کی اغواء سے) ضد و ہٹ کے ساتھ جبراً بیع و فسخ کر کے دل کو ان ہی کے قبضہ میں دیدینے کا ثمرہ ان کو ملے گا اور پھر پچھتائیں گے مگر بجز حسرت و افسوس کے کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

۹ ——— اگر مرشد تم کو کسی مصلحت کی وجہ سے بیعت کر لینے کی اجازت عطا فرماویں تو تم اپنے مریدوں کو اپنا مرید نہ سمجھو بلکہ وہ سب اصل میں پیر ہی کے مرید ہیں۔ جو

marfat.com
Marfat.com

مصلحتاً تمہارے زیر تعلیم ہیں۔ ان سے جو کچھ بھی تم کو نذر نیاز حاصل ہو وہ سب پیر ہی کی ملک ہے۔ بجنسہٖ بلا خیانت پیر کی خدمت میں پیش کر دو۔ جب تک کہ تم اجازت تامہ سے مشرف نہ ہو جاؤ۔

۱۰ ——— زمانہ سلوک میں اپنے تمام دلی جذبات خوابات و انکشافات کو کسی شخص سے بجز اپنے مرشد کامل کے ظاہر نہ کرو۔ اگر وہ نزدیک نہ ہوں تو بہتر تو یہی ہے کہ بذریعہ خط ان کو اطلاع دیدو اور اگر یہ ممکن نہ ہو کہ خود نہیں لکھ سکتے تو اپنے رنگے مقام والے پیر بھائی سے بشرطیکہ تمہارا اس پر یقین ہو کہ وہ امین ہے اور جواب باصواب سنجیدگی سے دیتا ہے۔ اس پر ظاہر کر دو مگر غیر سے ہرگز ظاہر نہ کرو اس میں نقصان ہے

۱۱ ——— اگر تم سے نسبت باطنی کی کوئی کیفیت مثل انکشاف وغیرہ کے کچھ ظاہر نہ ہو یا انوارات کے رنگ وغیرہ کچھ معلوم نہ ہوں تو طریقہ کی تعلیم سے ہمت نہ ہار بیٹھو کیونکہ یہ تمام امور اصل مقصود نہیں۔ مقصود حقیقی اس راستہ کی رضائے الٰہی جل شانہٗ ہے اس کے واسطے تم اپنے دل میں غور و فکر کرو کہ بیعت سے پہلے میرے اندر کس قدر خصائل رذیلہ و کمینہ جو موجب ناراضگی حق تعالیٰ تھے موجود تھے اور اب اس عرصہ کے اندر ان میں سے کس قدر جاتے رہے اور آئندہ کتنی عادتوں سے مجھ کو نفرت ہو چلی ہے۔ جب یہ فرق تم کو معلوم ہو جائے تو سمجھو کہ ایک نہ ایک دن ضرور یہ تمام بری خصلتیں میرے اندر سے بطفیل اس مرد کامل کے نیست و نابود ہو کر خدائے تعالیٰ کی رضا مجھ پر وارد ہو جائے گی۔ بہ نسبت ان تو ہمات یہ غور و فکر تم کو جلد منزل مقصود پر پہنچا دے گا۔

۱۲ ——— تمام امور میں خواہ تمہارے ذاتی ہوں یا خانگی۔ بیاہ شادی ہو یا غمی۔ ہر وقت و ہر معاملہ میں پابندی شریعت اور اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مدنظر رکھو۔ اس کے خلاف ذرہ برابر نہ کیجو اگر ایسے کہنے کو کہ ... زمانے

marfat.com

Marfat.com

تو تم نرمی کے ساتھ پہلے ان کو سمجھاؤ اگر وہ اپنی ضد پر ہی اڑے رہیں تو تم اپنی ذات سے دلی نفرت کے ساتھ الگ ہو جاؤ تاکہ تم بھی اس وبال میں نہ آجاؤ کیونکہ تمہارا معاملہ خدا تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے شریک ہونے سے تمہاری ترقی رک جائے گی بلکہ شاید کیا غالباً تنزل ہو جائے۔

۱۳ — عشق و محبت مرشدِ کامل کی آگ سے اپنے دل کے اندر ہی اندر تمام خس و خاشاکِ غیر کو جلا کر نیست و نابود کر دو۔ ایک ذرہ برابر چنگاری بھی باہر نہ نکالو ورنہ جلدی امتحان میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

۱۴ — مرشدِ کامل کے امتحان سے ہمیشہ دل میں خوف رکھو اور خدائے تعالیٰ سے ملتجی رہو کہ سخت امتحان سے بچائے کیونکہ یہ دولت لازوال بغیر امتحان کسی طرح بھی نہیں مل سکتی۔ یہ خدا کا قانون مقرر شدہ ہے جو پیش آئے بدون نہیں رہ سکتا ہے لیکن جب امتحان میں پڑ ہی جاؤ تو پھر ثابت قدمی استقلال و تحمل کی رسی کو مضبوط ہاتھوں سے پکڑ لو ہرگز نہ چھوڑو۔ بمصداق مصرعہ" برچہ بادا باد ما کشتی درآب انداختیم " (دوچہ سمندر ٹھلیا بیڑا جو ہونی سو ہو) کہ صبر و تحمل عجز و مسکینی بیکسی و بے بسی کو اپنا عصا بنا کر تضرع و زاری کے ساتھ اندر ہی اندر دل میں خدائے تعالیٰ مفتح الابواب سے ملتجی رہو کہ میں عاجز و مسکین بندہ امتحان کے قابل ہرگز نہیں ہوں تو اپنے فضل و احسان سے مجھے اگر پار نکال دے تو تو قادر ہے، کریم ہے غفور ہے رحیم ہے۔ ورنہ بلا تیرے فضل کے میں اس بھنور سے ہرگز نہیں نکل سکتا جب تم سچے دل کے ساتھ ہر وقت اس طرح ملتجی ہو گے تو انشاء اللہ تعالیٰ جلدی خلاص ہو جاؤ گے اور تمہاری تمام ابتلاؤں کو وہ قادر کریم یک لخت دھند کے بادلوں کی طرح اڑا دے گا ورنہ جس قدر تم تدابیر ظاہری کی طرف متوجہ ہو گے اسی قدر زیادہ خراب و پشیمان ہو کر ذلیل تریں حالت میں پہنچ جاؤ گے۔

۱۵ — اپنے تمام برے افعال کو اپنے نفس کی طرف سے ہمیشہ سمجھتے رہو اور جو نیک کام تم سے ہوں ان کو مرشدِ کامل کی ذات سے خیال کرو کیونکہ نفس عدم محض ہے جو منبع ہے شر و نقص کا اور مرشدِ کامل ذاتِ احدیت میں فانی ہو کر خیر و کمال وجود واجب سے کر چکے ہیں پس مرشد کے نور نے تمہارے اندر آکر تم سے کار خیر کرایا ورنہ تمہاری اصل ذات وہی شر و نقص ہے خود سمجھ لو۔

۱۶ — کامل مرد خدا کے قریبی و بعیدی رشتہ داروں کو خدا تعالیٰ نے اس پاک بندے کی اصلی و حقیقی وراثت جو دولت ہے حاصل کرنے میں بہت کوشش کرنی

marfat.com

Marfat.com

چاہیے حالانکہ وہ اس گمان میں کہ یہ دولت ہمارے گھر کی لونڈی ہے اب کہاں
جا سکتی ہے۔ اس لازوال نعمت سے بالکل محروم رہ جاتے ہیں جو کہ ہر وقت فیوض و
برکات جو مرد کامل پر نازل رہتے ہیں۔ ان کے پرتو صحبت کی وجہ سے وہ اثر ہر وقت ان
کو گھیر رکھتا ہے اور وہ اسی خیال میں خوش رہتے ہیں کہ تمام جہان ہمارا غلام ہے اور
اس شے کے حاصل کرنے کی طرف شوق و محبت اور طلب صادق کے ساتھ رغبت
نہیں کرتے جس کی وجہ سے جہاں ان کا غلام بنا ہوا ہے بلکہ سمجھتے ہیں کہ یہ مرد
آپ ہی اپنے تمام کمالات ہم کو بوجہ محبت خاندانی مفت بلا محنت وغیرہ کے
آخیر میں عطا کر دے گا حالانکہ ان سادہ لوح لوگوں کو یہ معلوم نہیں کہ یہ نعمت خدا
تعالیٰ کی ہے اور مرد کامل اس کے حکم سے اسی شخص کو دینے پر مامور ہیں جن کے
واسطے وہاں منظوری ہو اس میں سے اپنا قریبی پیارا حد درجہ کا خدمتگذار
فرمانبردار کوئی بھی بلا عنایت خداوندی حصہ نہیں پا سکتا۔ اس واسطے ان لوگوں کو
عامیوں سے بڑھ کر اس کے حصول میں کوشش واجب ہے۔

۱۷ — جو شخص چاہے کہ پیشوا مجھ سے راضی ہوں۔ اس کو واجب ہے کہ اپنے تمام
ارادے اپنی تمام امیدیں اور آرزوئیں جمیع خواہشیں ایک اسی کی ذات میں فانی کر دے
اور آپ مثل مردہ کے جو غسال کے ہاتھ میں ہوتا ہے اسی ایک ذات مرشد کے ہاتھ میں
ہو جائے۔ اس عمل سے بہت جلدی وہ راضی ہو جائیں گے اور جب وہ راضی ہو گئے تو
خدا تعالیٰ و رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اس سے راضی ہو گئے جب خدا تعالیٰ
راضی ہو گیا تو اس کی تمام مخلوق بھی اس سے راضی ہو گئی۔ ایک کا مقبول تمام جہان
کے مقبول ہو جانے کا یہ طریقہ ہے۔ ایک کا مردود تمام جہان کا مردود ان کی
نافرمانی اور ان سے کینہ و عداوت رکھنے کے طفیل ہوتا ہے کسی نے سچ فرمایا ہے۔

؎ چوں تو کردی ذاتِ مرشد را قبول ہم خدا آمد ہم ذاتِ رسول

marfat.com
Marfat.com

(ترجمہ) کر لیا جب دل سے مرشد کو قبول　　آگیا اللہ بھی اور اس کا رسول

۱۸ ——— فرمایا ہے اللہ جل جلالہٗ نے حدیث قدسی میں اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ
ترجمہ (یعنی میں اپنے بندے کے ساتھ ہوں اس کے گمان کے موافق) تو لازم ہے کہ راستہ میں پڑکر اس کی قدوس ذات کے ساتھ ہمیشہ و ہر دم گمان نیک رکھو اپنی نالائق عقل اور ناقص سمجھ کے موافق اس کی ذات کے ساتھ گمان نہ قائم کر لیا کرو۔ ورنہ وہ قادر ہے جیسے تم بھی کمینے اور رذیل گمان اس کے ساتھ رکھو گے وہ ویسا ہی کمینہ اور رذیل تم کو بنا دے گا۔

۱۹ ——— جب تم نے اس راستہ سلوک کو اختیار کر لیا تو واجب ہے کہ ہمت عالی رکھو۔ پست ہمتی اور کم ظرفی نہ اختیار کرو تا کہ خدا تعالیٰ اور مرشد کامل تم کو تمہاری عالی ہمتی کے طفیل اعلیٰ مدارج سے فیضیاب کریں، کم حوصلگی اور سفلہ پن تم اہل دنیا کے حوالہ کر دو فقیر کا حوصلہ ہونا چاہیئے اور طلب صادق کامل۔

۲۰ ——— مرید مرشد کے آئینہ میں خدا تعالیٰ کو دیکھتا ہے اور مرشد کامل مرید کے آئینہ میں اپنے آپ کو یعنی مخلص مرید کا دل جب مرشد کی تمام صفات سے رنگین ہو جائے تو مرشد اس معنی سے مرید کے دل میں اپنے آپ کو دیکھتے ہیں اور مرشد چونکہ تمام مظہر ذات جلشانہ ہیں۔ مریدان کے آئینۂ دل میں ذاتِ احدیت کا معائنہ کرتا ہے۔

۲۱ ——— کبھی کوئی مرید کامل نہیں ہو سکتا تاوقتیکہ پیشوا کے غصہ و رنج اور لطف و محبت کا مزا نہ چکھ لے۔ اس واسطے پیشوائے کامل کا غصہ رحمت الٰہی ہے بشرطیکہ ایسی حالت میں مرید کو خدا تعالیٰ توفیق انانیت کے زائل کرنے اور اپنے دل میں عجز و انکساری و خاکساری کے بڑھانے کی عطا فرمائے سو ایسے وقت میں اس کی کوشش کیا کرو۔

۲۲ ——— طریقت و حقیقت دونوں شریعت کے خادم ہیں اور شریعت مخدوم عالم لوگ مخدوم ہی سے تمام کام لینے کو فخر سمجھ رہے ہیں لہٰذا خادموں کو مخدوم کے ساتھ شامل کرنے

marfat.com
Marfat.com

سے جی چراتے ہیں حالانکہ جب تک مخدوم کے ساتھ خادم شامل نہ ہوں مخدوم خادموں کے تمام ادنیٰ کاموں کو سرانجام دینے سے قاصر ہے۔ اسی واسطے پابندی شریعت بلا طریقت و حقیقت کے پوری نہیں ہو سکتی۔ شریعت کے خادموں کو پہلے حاصل کرنا تکمیل شریعت کے واسطے ہر مسلمان پر فرض ہے اور اسی واسطے نفس و شیطان اس راستہ کے قطعی دشمن ہیں اور حتی الامکان ادھر آنے والوں کو روکتے اور ہٹاتے ہیں۔ سو لازم ہے کہ اہل سلوک ان کے فریبوں اور مکروں سے ہر طرح خبردار رہیں۔

۲۳ ـــــــ جب خدا تعالیٰ تم کو ان مقاماتِ عالیہ میں مشرف فرمائے تو تمہارا فرض ہے کہ اس شکریہ میں نعمت خدا میں سے تم اپنے چھوٹے بھائیوں یعنی پیر بھائیوں پر جو تمہارے سے نیچے کے مقامات میں ہیں محض رضاء الٰہی کے واسطے بلا کسی طمع انسانی کے ایثار کرو۔ وہ اس طرح پر ہوتا ہے کہ اپنے اچھے اور نیک نمونے ان کو دکھلاؤ اور وقتاً فوقتاً نصائح سے اور اگر وہ مائل ہو جائیں تو فیضان سے ان کو راستہ پر لانے کی اور تربیت کرنے کی کوشش کرو تاکہ خدا تعالیٰ ان کی دعاؤں کے طفیل اور ادائے شکریہ کے باعث تم پر ازدیادِ نعمت فرما کر تم کو اعلیٰ مدارج پر پہنچائے۔

۲۴ ـــــــ جس بستی یا گاؤں میں چند پیر بھائی رہتے ہوں ان میں جو پڑھا ہوا یا کچھ سمجھ بوجھ والا ہو چاہیے کہ ایک وقت مقرر کر کے جو تمام کاموں سے فالتو ہو اس کے ہاں جمع ہو جایا کریں اور وہ تصوف کی کوئی کتاب ان کو سنایا کرے یا اگر کچھ بھی نہ ہو سکے تو بجائے قصہ کہانیوں وغیرہ کے اپنے مرشد مدظلہ کے اوصاف حمیدہ کی کم سے کم آدھ گھنٹہ روزمرہ بلاناغہ باتیں عین دلی محبت و شوق کے ساتھ کریں۔ اس فعل کی مداومت سے دیکھو۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب کی کیسا حالت ہو گی۔

marfat.com
Marfat.com

مقامات حقائق الٰہیہ

یہ چار ہیں، حقیقت^۱ کعبہ، حقیقت^۲ قرآن، حقیقت^۳ صلوٰۃ، معبودیت^۴ صرفہ۔ جب حق تعالےٰ سبحانہٗ وتقدس تم کو ان مقامات میں داخل فرمائے تو چاہیئے کہ کثرت تلاوت قرآن مجید اور ادائے نوافل کو بہت لازم پکڑے اور ہر وقت نماز میں حضوری کے مراقبہ کا بے حد خیال جمائے اور جس ورد کو اس وقت دل قبول کرے اس کو خوب کرتا رہے یعنی اگر اسبوع شریف میں لذت آئے تو اس کو خوب غور سے ترجمہ کے ساتھ پڑھے اور اگر حزب البحر میں مزہ آئے تو اسی کو ترجمہ اچھی طرح سمجھ کر بوالحہ سے دیکھ کر پڑھتا رہے۔ علیٰ ہذا القیاس جس ورد پر دل مائل ہو اسی کو کرے اور جس وقت دل میں خدشات وغیرہ معلوم ہوں۔ استغفار کی کثرت کرے اور وقتاً فوقتاً ادعیات کو عین حضوری کے ساتھ پڑھ لیا کرے۔

اَللّٰهُمَّ^۱ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِی الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اَللّٰهُمَّ^۲ اسْتُرْنَا بِسِتْرِكَ الْجَمِيْلِ

اَللّٰهُمَّ^۳ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ ؕ

اَللّٰهُمَّ^۴ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ ؕ

اَللّٰهُمَّ^۵ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ رِضًا لَّا تَسْخَطُ بَعْدَهٗ اَبَدًا ؕ

مراقبہ احدیت سے لے کر اپنے مقام تک ہمیشہ مراقبہ طویل کیا کرو اور اس کی لذت کو غور سے ملاحظہ کرتے رہو۔ محبت دنیا و ما فیہا کو کوشش وسعی کے ساتھ دل سے دور کرنے میں دھیان رکھو۔ ثبات اور استقلال کے ساتھ اپنے خیال میں لگے رہو۔ بکواس بہت کم کرو۔ نہ اہل دنیا کے بکواس کی طرف خیال کرو چاہے وہ تم کو پاگل کہیں جاہل بیوقوف بنائیں۔ تم صبر و تحمل اور سکون و اطمینان کے ساتھ سنو اور کچھ جواب نہ دو۔

marfat.com
Marfat.com

دل میں نرمی جدو جہد کے ساتھ پیدا کرو۔ فقہ اور دینیات کی کتابوں کو دیکھو اور ہر فعل میں اتباع سنت کی کوشش کرو۔ اپنے اندر سے بہائم خصائل کو دور کرو اور اگر تم کو انکشافات وغیرہ ظاہر ہوں تو کسی پر مت ظاہر کرو۔ دل ہی دل میں ان کی صحت و غیر صحت کو دیکھتے رہو۔ اگر زیادہ صحیح ہوں اور کم غیر صحیح تب بھی اظہار نہ کرو اور ان انکشافات پر مغرور نہ ہو۔ نہ شیخی میں اتراؤ اور فخر کرکے لوگوں سے تعریفیں کرانے کے پیچھے نہ پڑو مقصود آگے دور ہے۔ وہاں کا ہر وقت دل میں خیال جمائے رکھو۔ یہ امور مقصود حقیقی نہیں ہیں۔ انکشافات کے زمانہ میں اس دعا کا اکثر ورد رکھو۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنَا حَقَّ الْاَشْيَآءِ كَمَا هِيَ ؕ
وَجَنِّبْنَا عَنِ الْاِشْتِغَالِ بِالْمَلَاهِيْ ؕ

حقائق انبیاء علیہم السلام

یہ بھی چار ہیں۔ حقیقت ابراہیمی حقیقت موسوی حقیقت محمدی حقیقت احمدی۔

جب اللہ تعالیٰ عز اسمہٗ بطفیل خاک نعلین حضرت مرشد مدظلہ العالی تم کو ان مقامات میں عروج مرحمت فرمائے تو لازم ہے کہ درود شریف کی بعید کثرت کرے اور دلائل الخیرات اسی ترتیب کے ساتھ ہمیشہ بلاناغہ پڑھتا رہے جیسا کہ ترتیب وظیفہ شریف میں حضرت قطب العالم امام المتقین شاہ غلام علی صاحب نقشبندی قادری رحمۃ اللہ علیہ کا مروج ہے اور درود شریف بڑا یعنی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَيْهِ ؕ ہر روز پانچ ہزار سے کم نہ پڑھے۔ حالات بزرگان سلسلہ و دیگر سلاسل کو بہت پڑھتا رہے اور تمام سلاسل کے بزرگان کے ساتھ محبت رکھے۔ ... اور ... کے حالات ... کا خیال ... کہ خدا تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

نے اس مردِ کامل کی جوتیوں کے طفیل یہ بیحد دولت مفت بلا محنت و مجاہدہ و ریاضت اس قلیل عرصہ میں عطا فرمائی ورنہ تو مسکین اس نعمت کے قابل کہاں تھا محض اُس کا فضل و احسان ہے اور بیحد شکریہ باری تعالیٰ عزّ شانہٗ و مرشد کامل کا دل سے عین خلوص سے کرے اور اکثر اوقات میں اسی خیال و شکریہ بہت بجا لاتا رہے۔ اس سے نعمت کی زیادتی ہوتی ہے اور پیشوا کی محبت بڑھتی ہے جو موجب ہے ترقیات کی اور حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت کو دل میں کوشش کے ساتھ بڑھائے یہاں تک کہ مراقبہ میں حضور ہر وقت نظر کے سامنے رہیں، اس وقت حالات و سیرِ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بہت دیکھتا رہے اور ہر حالت پر آنجناب کی بہت غور و تفکر کرے اور دل میں عشق آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آگ کو روشن کرے اور اتباعِ سنّت پر ہر دم ہر لحظہ نظر رکھے۔ ایک ذرّہ برابر سنت کے خلاف نہ ہونے پائے۔ اگر کوئی خفیف حرکت کبھی خلاف سنّت ہو جائے تو فوراً وہی استغفار پڑھو جو مقامات ولایت علیا میں درج کیا گیا ہے۔

یہ سلوک ہے جو یہاں تک ختم ہو جاتا ہے ابھی صرف راستہ قطع ہوا ہے۔ جو مقصود اس سلوک سے ہے وہ آگے ہے اور ہر شخص کی فہم سے عقل سے سمجھ سے دانائی سے وہ وراء الوراء ہے۔ وہاں کی کوئی بات نہ تحریر میں آسکتی ہے نہ زبان اُس کو ادا کرنے پر قادر ہے۔ ہمت مضبوط کرو اور آگے قدم رکھو۔ مرد بنو۔ نامردی و کم حوصلگی نہ کرو۔ خدا تعالےٰ نے اپنی عین رحمت و تفضل سے ہم کو پیر کامل عطا فرمایا ہے۔ اُس کی رحیم ذات سے امید کامل رکھو کہ وہ تم کو ضرور ایک نہ ایک دن منزلِ مقصود پر پہنچا دیں گے۔ بشرطیکہ تم ان پر اپنا یقین کامل اور ان کے آداب و شرائط طریقہ پر بھی عمل درآمد کرو۔

marfat.com
Marfat.com

حب صرفہ ولاتعین وغیرہ

ان مقامات میں تمام فکر و شغل چھوٹ جاتے ہیں محض عشق الٰہی بندہ کا یار ہوتا ہے۔ ان مقاموں میں عشق خداوندی کو خوب ترقی دو اور اپنی تمام ہمت اس طرف صرف کر دو۔ نہ تم خود رہو نہ دنیا و عقبیٰ کی کوئی چیز غیر اللہ تمہاری نظر میں سامنے نہ رہے۔ صرف وہی ایک ذات ہو اور اسی قدیم ذات میں اپنے جذبہ عشق کی مدد سے تم سیر کرو۔ کوئی خیال غیر اللہ تمہارے دل میں نہ رہے۔ نہ کوئی خوشی رہے نہ غم۔ نہ خوف دوزخ ہو نہ تمنائے جنت و حور و قصور۔ سب تمہاری نظر سے اٹھ جائے اور تمہاری تمام آرزوئیں تمہاری تمام ہمتیں و کوششیں نیست و نابود ہو کر صرف اسی ذات کا سب کچھ باقی رہے اور تمہارا کچھ بھی نظر میں تم کو معلوم نہ دے جب خدا تعالیٰ تم پر اپنے فضل و احسان سے یہ دروازہ کھول دے تو تم کوشش کے ساتھ اس کو بڑھاؤ اور اپنے آپ کو اس ذات میں فانی کر دو اور رفتہ رفتہ وصل خداوندی سے آپ اور اگر وہ حکم دے تو جہان کو سیراب کرو۔

تمت بالخیر

marfat.com
Marfat.com

ختم ہائے ہر چہار سلاسل

معمول سیدنا و مرشدنا خواجہ پاک حضرت محبوب عالم شاہ صاحب قدس سرہٗ

۔ صاحب سلسلہ اصحاب اور با اجازت اصحاب کو ختم خواجگان کی مداومت فوائد کثیرہ کا باعث ہے۔ جلد ارواحِ خواجگان پاک کی توجہ اس کے سبب سے حاصل ہوتی ہے اور ختم شریف حضرت خواجگانِ پاک سے فیوضات باطنی کی کثرت اور ہر معاملہ میں مشکلکشائی ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ختم خواجگان نقشبندیہ

۱۔ اَلْحَمْد شریف سات دفعہ

۲۔ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ایکسو دفعہ

۳۔ اَلَمْ نَشْرَحْ اَسّی دفعہ

۴۔ سورہ اخلاص (قل شریف) ایک ہزار دفعہ

۵۔ الحمد شریف سات دفعہ

۶۔ درود شریف (مندرجہ بالا) ایکسو دفعہ

۱۔ یَا قَاضِیَ الْحَاجَات ایک سو ایک دفعہ

۲۔ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّات ایک سو ایک دفعہ

marfat.com

Marfat.com

۳۔ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ ایک سو ایک دفعہ
۴۔ یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ ایک سو ایک دفعہ
۵۔ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ایک سو ایک دفعہ
۶۔ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ ایک سو ایک دفعہ
۷۔ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ ایک سو ایک دفعہ
۸۔ یَا شَافِعَ الْاَمْرَاضِ ایک سو ایک دفعہ
۹۔ یَا دَافِعَ الْبَلَایَا وَ یَا وَاسِعَ الْعَطَایَا ایک سو ایک دفعہ
۱۰۔ یَا وَهَّابُ ایک سو ایک دفعہ
۱۱۔ یَا وَدُوْدُ ایک سو ایک دفعہ
۱۲۔ یَا عَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ بِعِزِّ الْخَلَّاقِ ایک سو ایک دفعہ
۱۳۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ایک سو ایک دفعہ
۱۴۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ایک سو ایک دفعہ
۱۵۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ایک سو ایک دفعہ
۱۶۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایک سو ایک دفعہ
۱۷۔ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ ایک سو ایک دفعہ
۱۸۔ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ایک سو ایک دفعہ

آمین آمین آمین
آمین آمین آمین

ایصالِ ثواب

ختم خواجگان کا ثواب حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل حضرت صدیق اکبر سے لیکر جملہ خواجگان نقشبند خصوصاً سلطان العارفین حضرت خواجہ بایزید بسطامی حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی حضرت خواجہ محمد یوسف ہمدانی حضرت خواجہ محمد عارف ریوگری حضرت خواجہ عزیزان علی رامیتنی حضرت خواجہ محمد بابا سماسی حضرت خواجہ امیر کلال۔ حضرت خواجہ خواجگان پیرپیران خواجہ بہاؤالدین نقشبند حضرت خواجہ ابومنصور ماتریدی حضرت خواجہ توکل شاہ انبالوی حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ سیدی حضرت خواجہ محمد صدیق شاہ سیدی کے ارواح پاک کی خدمت بابرکت میں پہنچے

ختم مجددیہ

۱۔ درود شریف مندرجہ بالا ایک سو ایک دفعہ
۲۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پانچسو دفعہ (پانچ تسبیح)
۳۔ درود شریف مندرجہ بالا ایک سو ایک دفعہ

marfat.com
Marfat.com

ایصالِ ثواب

ختم مجددیہ کا ثواب حضور سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم کے طفیل بخدمت محبوب سبحانی. قطب زمانی. غوثِ صمدانی واقف اسرار ہائے ربانی حضرت سیدنا مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی کی روح پاک کو پہنچے۔

بعدازاں دعائے حاجات بہ خلوصِ قلب کی جاوے بفضلہ مقبول ہوگی۔

ختم شریف قادری

درود شریف ۱۱۱ بار ٭ کلمہ تمجید ۱۱۱ بار

شیئاً للہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی ۱۱۱ بار

سورۂ یٰسین ایک بار ٭ درود شریف ۱۱۱ بار

ختم شریف چشتیہ

اوّل آخر درود شریف ۷ بار

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمُ لَامَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنْهُ اِلَّا اِلَیْهِ ۳۶۰ بار

سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ ۳۶۰ بار

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمُ ، لَامَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنْهُ اِلَّا اِلَیْهِ ۳۶۰ بار

marfat.com
Marfat.com

مُسبّعاتِ عشر

متعلّقہ ولایتِ صغریٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سب تعریف خدا ہی کو (سزاوار ہے) جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے۔ بڑا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

مہربان نہایت رحم والا۔ انصاف کے دن کا حاکم (اے پروردگار) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

تجھی سے مدد مانگتے ہیں، ہم کو سیدھے راستے پر چلا ان لوگوں کے رستے پر جن پر تو اپنا فضل و کرم کرتا رہا

عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

نہ ان کے جن پر غصے ہوتا رہا اور گمراہوں کے۔

اٰمِيْنَ سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آمین شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ

کہو میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں (یعنی) لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی لوگوں کے معبود برحق کی

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ

(شیطان) وسوسہ انداز کی برائی سے جو خدا کا نام سن کر [illegible] کے

marfat.com

Marfat.com

صُدُورِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○ سات مرتبہ

دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے خواہ وہ جنات سے (ہو) یا انسانوں سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے کہو میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں

الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ

ہر چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی اور شب تاریک کی برائی سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے

اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ○ وَ

اور گنڈوں پر (پڑھ پڑھ کر) پھونکنے والیوں کی برائی سے اور

مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

حسد کرنے والیوں کی برائی سے جب حسد کرنے لگے شروع خدا کے نام سے جو بڑا

الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○

مہربان نہایت رحم والا ہے۔ کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک (ہے) وہ معبود برحق جو بے نیاز ہے

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

نہ کسی کا باپ ہے نہ بیٹا اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔

سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے (اے پیغمبر ان منکران اسلام سے) کہہ دو

لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَلَا اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَا اَعْبُدُ ○

کہ اے کافرو! جن (بتوں) کو تم پوجتے ہو ان کو میں نہیں پوجتا اور جس (خدا) کی میں عبادت کرتا ہوں اس کی

وَلَا اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَا اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَا

تم عبادت نہیں کرتے اور (میں پھر کہتا ہوں کہ) جن کی تم پرستش کرتے ہو ان کی میں پرستش کرنے والا

اَعْبُدُ ○ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ○ سات مرتبہ

نہیں ہوں اور نہ تم اس کی بندگی کرنے والے معلوم ہوتے ہو جس کی میں بندگی کرتا ہوں تم اپنے دین پر میں اپنے دین پر

marfat.com

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ

شروع خدا کا نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے خدا وہ معبود برحق ہے کہ اسکے سوا کوئی معبود برحق

الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

نہیں۔ زندہ تھامنے والا اسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند۔ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا

وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ

ہے کون ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر اس سے (کسی کی) سفارش کر سکے جو کچھ لوگوں کے روبرو ہو رہا ہے

یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ

اور جو کچھ ان کے پیچھے ہو چکا ہے اسے سب معلوم ہے اور وہ اس کی معلومات میں سے کسی چیز پر دسترس

مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ

حاصل نہیں کر سکتے ہاں جس قدر وہ چاہتا ہے (اسی قدر معلوم کرا دیتا ہے) اسکی بادشاہی (اور علم)

وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

آسمان و زمین پر سب پر حاوی ہے اور اسے ان کی حفاظت کچھ دشوار نہیں وہ بڑا عالی رتبہ اور جلیل القدر ہے

لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ

دین (اسلام) میں زبردستی نہیں ہے ہدایت (صاف طور پر ظاہر اور) گمراہی سے الگ ہو چکی ہے تو جو شخص

فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

بتوں سے اعتقاد نہ رکھے اور خدا پر ایمان لائے اس نے ایسی مضبوط رسی ہاتھ میں پکڑ لی ہے جو کبھی ٹوٹنے والی

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ○

نہیں اور خدا (سب کچھ) سنتا (اور سب کچھ) جانتا ہے اور جو لوگ ایمان لائے ان کا دوست

اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

اللہ ہے کہ اندھیرے (گمراہی) سے نکال کر روشنی (ہدایت) میں

اِلَى النُّوْرِ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ

[illegible] ان کو [illegible] نکال کر

marfat.com

Marfat.com

يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اندھیرے میں لے جاتے ہیں یہی لوگ اہل دوزخ ہیں

النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞ سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کہ اس میں ہمیشہ رہیں گے شروع خدا کا نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا

پاک ہے اللہ اور تمام تعریفیں خدا کے واسطے ہیں اور کوئی معبود برحق نہیں سوائے خدا کے اور اللہ سب سے بڑا ہے

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ سات مرتبہ عَدَدَ مَا

اور نہیں ہے کوئی مدد اور قوت سوائے اللہ بزرگ و برتر کے اللہ کے

عَلِمَ اللّٰهُ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَمِلْاَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ تین مرتبہ

علم میں تعداد کے برابر اور اتنے وزن کے برابر جس قدر خدا کے علم میں ہے اور اللہ کے علم کے

تَبَرَّاْتُ مِنْ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ وَالْجَاْتُ اِلٰى حَوْلِ اللّٰهِ وَ

نکل آیا ہوں اپنی ہمت و طاقت سے اور امید باندھ لی اللہ کی مدد اور قوت کی

قُوَّتِهٖ فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِيْ ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تمام کاموں میں شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ وَ

اے بار خدایا رحمت فرما اپنے بندے اور اپنے نبی اور اپنے پیارے اور اپنے

رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

رسول محمد پر جو نبی امی ہیں اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر اور برکت و سلامتی نازل فرما۔

سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

شروع خدا کا نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے اے اللہ بخش دے مجھ کو اور میرے

وَلِوَالِدَيَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا وَّاغْفِرْ

والدین کو ... جیسے کہ انہوں ... بخش

marfat.com

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ

اے اللہ تمام مومن مردوں اور تمام مومن عورتوں اور تمام مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ

اور تمام مسلمان عورتوں کو جو ان میں سے زندہ ہیں اور جو مردہ اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے

الرَّاحِمِیْنَ ساتٌ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ

زیادہ مہربان شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے اے اللہ

یَا رَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا

اے میرے پروردگار کر میرے ساتھ اور ان کے ساتھ جلدی اور وقت مقررہ پر دین و دنیا

وَالْاٰخِرَۃِ مَا اَنْتَ لَہٗ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا یَا مَوْلَانَا

اور آخرت میں جو تیری شایان شان ہے اور نہ کر ہم سے اے ہمارے آقا جس کے

مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ جَوَادٌ کَرِیْمٌ

قابل ہم ہیں بیشک تو بخشنے والا بردبار سخی بزرگ بادشاہ

مَلِكٌ ۵ بَرٌّ ۵ رَءُوْفٌ ۵ رَحِیْمٌ ۵ سات مرتبہ

سراپا خیر مہربان رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ بِرَاْفَتِكَ یَا نَافِعُ وَمُرَافِعُ وَتَوَفَّنِیْ

اے اللہ مجھے ہدایت دے اپنی مہربانی سے اے نفع دینے والے اور بلند مرتبہ دینے والے اور

مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ چھ مرتبہ یَا جَبَّارُ اکیس مرتبہ

مجھے حالت اسلام میں مارنا اور بعد موت صالحین میں شامل کرنا اے اپنی قدرت میں خود مختار

تمام شد مُسَبَّعَاتِ عشر

marfat.com

Marfat.com

شجرہ عالیہ خاندان نقشبندیہ مجددیہ توکلیہ محبوبیہ صدیقیہ

رضوان اللہ علیہم اجمعین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رحم کر ہم پر خدا ذاتِ خدا کے واسطے
شافعِ امت محمد مصطفےٰ کے واسطے

بہرِ بوبکر و عمر عثمان و علی اصحاب کل
اہل بیت حسنین حضرت مصطفےٰ کیواسطے

نفسِ امارہ کے پھندے سے بچا پروردگار
حضرتِ صدیق اکبر بوالوفا کے واسطے

الفتِ حق حبِ احمد میں رہوں ثابت قدم
حضرتِ سلمان فارس باخدا کے واسطے

مجھ کو مکروہاتِ دنیاوی سے تو محفوظ رکھ
حضرتِ قاسم سراج الاولیا کے واسطے

تشنہ لب ہوں جامِ وحدت سے مجھے سیراب کر
جعفرِ صادق امام الاتقیا کے واسطے

کر فنا فی اللہ مجھ کو بہرِ حضرت بایزید
اس ولیِ طالبِ ذاتِ خدا کے واسطے

روز و شب ہو یاد تیری اے کریم کارساز
بوالحسن خرقانی بدر الدجےٰ کے واسطے

مجھ غریبِ خستہ دل کی دستگیری ہے ضرور
قاسمِ گورگانی نور الہدےٰ کے واسطے

ہمتِ عالی عطا فرما مجھے یا ذوالجلال
بوعلی صاحبِ دل پارسا کے واسطے

کر زلیخا کی طرح سرمست جامِ بیخودی
خواجہ یوسف ہادیٔ شمس الضحےٰ کے واسطے

پردۂ چشم بصیرت کھول دے ربِّ کریم
عبد خالق غجدوانی مقتدےٰ کے واسطے

سختیٔ سکرات کو آسان کرنا اے رحیم
اس محمد عارف صاحب ضیا کے واسطے

گور میری نور سے بھرنا خدائے ذوالکرم
حضرتِ محمود انجیر اولیا کے واسطے

کیا عجب گر پرسشِ منکر نکیر آسان ہو
بوعلی رامیتنی بوالعلا کے واسطے

مومنوں میں حشر ہو میرا جناب کبریا
بابا سماسی محمد خوش ادا کے واسطے

آفتاب حشر میں مجھ پر ہو سایہ عرش کا
حضرتِ میر کلال اولیا کے واسطے

marfat.com

Marfat.com

نامۂ اعمال مجھ کو ہاتھ سیدھے میں ملے — شہ بہاؤ الدین تاج الاولیا کے واسطے

پلہ نیکی ہو سنگیں عمل کے میزان میں — شہ علاؤ الدین شمس الاولیا کے واسطے

عیب پوشی حشر میں کرنا میری ستار تو — خواجۂ یعقوب چرخی باوفا کے واسطے

برق کی مانند ملے ہو جائے راہ پل صراط — شہ عبید اللہ احرار اولیا کے واسطے

جام کوثر دے پلا دستِ محمدؐ سے ہمیں — اس محمد زاہد صاحب رضا کے واسطے

اور ہوں فردوس میں ہمسایۂ حضرت نبیؐ — خواجہ درویش محمد پر ضیا کے واسطے

ہو وے اہل اللہ میں یارب وہاں میرا شمار — خواجہ امکنگی ولی صاحب شفا کے واسطے

بعد اس کے ہو وہاں دیدار رب مجھ کو نصیب — باقیؒ باللہ مقبول الدعا کے واسطے

آتشِ دوزخ کا ہو مجھ کو نہ کچھ خوف و خطر — شہ مجدد الف ثانی ذوالعطا کے واسطے

دین و دنیا میں مجھے خوش حال رکھنا اے خدا — حضرتِ معصوم مرشد رہنما کے واسطے

کر زباں کو سیف میرے قلب کو پر نور کر — خواجہ سیف الدین تاج الاتقیا کے واسطے

اتباعِ شرع میں ثابت قدم رکھنا مجھے — خواجہ عابد نقشبندی پارسا کے واسطے

نور دل سے ہو بدن روشن میرا فانوس دار — شہ محمد محسن نور الہدیٰ کے واسطے

نورِ عرفاں سے میرا دل کر منور اے خدا — حضرتِ نورِ محمد اولیا کے واسطے

جو میری اولاد ہو سب ہو تقی و پارسا — میرزائے جانِ جاناں پیشوا کے واسطے

بابِ رحمت کھول دے مجھ پر خداوندِ غفور — شہ غلام باعلی صاحب ہدیٰ کے واسطے

ذکرِ حق ہو روز و شب مونس میرا اے ذوالمنن — بو سعیدِ اولیا نجم الہدیٰ کے واسطے

جز خیالِ نورِ حق کچھ دل میں گنجائش نہ ہو — شاہِ مولانا شریف الاولیا کے واسطے

حافظ و حاجی محمد شاہ محمود اللقب — آرزو بر لا میری اُس پارسا کے واسطے

شاہ قادر بخش خواجہ خواجگانِ حق کے شہید — بخش دے مجھ کو خدا اُس مقتدیٰ کے واسطے

تیرے در پر آ پڑا ہوں اپنا کر لے اب مجھے — شہ توکل شاہ پیر رہنما کے واسطے

marfat.com

Marfat.com

دو جہاں کی کل مرادیں میری ور بکی بر لائے خدا — خواجہ محبوب عالم پیشوا کے واسطے
جذبۂ عشق الٰہی اور ہو حبِ نبی — خواجہ صدیق احمد شاہ باصفا کے واسطے

ابر رحمت کی رہے مجھ پر ترشح حشر تک
استجب ہذا دعائی مصطفٰے کے واسطے

تمت بالخیر

قطعہ تاریخ فارسی

(از نتیجۂ فکر مولانا مولوی فتح محمد صاحب اختر ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر)

زیبِ عرفاں دار محبوب السلوک — شاہد و دلدار محبوب السلوک
افسرِ زیبندۂ معنائے دل — رہنما رہوار محبوب السلوک
حاصلِ سرمایۂ صاحبدلاں — سُرمۂ ابصار محبوب السلوک
رہنمائے لطف و افضالِ الٰہ — جامع الافکار محبوب السلوک
غنچۂ جاں بخش بہرِ عاشقاں — مژدۂ انوار محبوب السلوک
شمسِ عرفاں انجم و قمرِ منیر — داروئے آزار محبوب السلوک
دل کشائے بستگانِ راہِ فقر — راحت الابصار محبوب السلوک
نور بخش صدر و ہم قلبِ سیاہ — سربسر انوار محبوب السلوک
نور طورِ قلب ہر اہلِ سلوک — حرزِ جاندار محبوب السلوک
روحِ جسم معرفت است ایں کتاب — داروئے بیمار محبوب السلوک
عارفِ سالک را درمانِ شکوک — مقصدِ دلدار محبوب السلوک
جملگی امراضِ باطن را علاج — ابرِ رحمت بار محبوب السلوک
بس ضیائے گمرہان و رہرواں — مشعلِ انوار محبوب السلوک

ہاتفِ دل گفت اختر سالِ طبع
گو مجمع الاذکار محبوب السلوک
۱۳۳۰ ہجری

marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بدرگاہ مجیب الدعوات

خدایا بدہ شوق ذاتِ رسول — بدردِ محمد مرا کن قبول
شب و روز در عشق حضرت بدار — ہمہ وقت در وصل احمد گزار
حیاتی مماتی ہمہ وقت ما — عطا کن وصالِ مرا مصطفےٰ
چو بلبل بر آں گل فدایم بکن — چو پروانہ جلوہ نمائم بکن

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو — شیئاً للہ از جمالِ روئے تو
دست بکشا جانب زنبیلِ ما — آفریں بر دست و بر بازوئے تو

غریبم یا رسول اللہ غریبم — ندارم در جہاں جز تو حبیبم
ترحم یا نبی اللہ ترحم — ز مہجوری بر آید جانِ عالم
نہ آخر رحمۃ للعالمینی — ز مہجوراں چرا فارغ نشینی
تو ابرِ رحمتی آں بہ کہ گاہے — کنی بر حالِ لب خشکاں نگاہے

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْ حَالَنَا — یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اِسْمَعْ قَالَنَا
اِنَّنِیْ فِیْ بَحْرِ غَمٍّ مُغْرَقٌ — خُذْ یَدِیْ سَھِّلْ لَنَا اَشْکَالَنَا

الٰہی عاقبت محمود گرداں — بحقِ خواجگانِ نقشبنداں
خیالِ غیر از ما دور گرداں — مرا در عشق خود رنجور گرداں
کلام اللہ باشد بر زبانم — حدیثِ مصطفےٰ صوت دہانم

دیدۂ بینا ہو ہر اک موئے تن — محوِ تجلّے رہے روح و بدن
ظاہر و باطن ہو برائے خدا — نہ چاہیں خدا سے سوائے خدا

[illegible]

marfat.com

Marfat.com

یا رب تو کریمی و رسولِ تو کریم — صد شکر کہ ہستیم میان دو کریم

عصیاں سے کبھی ہم نے کنارا نہ کیا — پر تو نے دل آزردہ ہمارا نہ کیا

ہم نے تو جہنم کی بہت کی تدبیر — لیکن تیری رحمت نے گوارا نہ کیا

اے مرے مولا کریم تو بڑا سمیع و مجیب — بے مرادوں کی کر مراد نصیب

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر — روزِ محشر عذرہائے من پذیر

در حسابم را تو بینی ناگزیر — از نگاہ مصطفٰے پنہاں بگیر

بادشاہا جرم ما را در گزار — ما گنہگاریم تو آمرزگار

تو نکوکاری و ما بد کردہ ایم — جرم بے اندازہ بے حد کردہ ایم

بے گناہ نہ گزشت بر ما ساعتے — با حضورِ دل نہ کردم طاعتے

بر درِ آمد بندہ بگریختہ — آبروئے خود ز عصیاں ریختہ

مغفرت دارد امید از لطفِ تو — زانکہ خود فرمودۂ لاتقنطوا

ہو الحبیب الذی ترجیٰ شفاعتہ — لکلِ ہولٍ من الاہوالِ مقتحم

ہدیۂ نیاز

بحضور عالی سیدی و مولائی خواجۂ عالی تبار حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(از حکیم کرم الحق صاحب شوق کرنالی تلمیذ حضرت علیہ الرحمۃ)

ہمہ داں حضرتِ محبوبِ عالم — بشد قاصر ز توصیفش لسلم

توکل شاہؒ کردند شرحِ صدرش — علیہم رحمۃ الحق باد دائم

فیوضش کرد روشن عالمے را — تلمذ بود حاصل شوق راہم

نوشتم من اگر حالات درویشاں

کتابت [illegible]

marfat.com

Marfat.com

بارانِ رحمت

جب خدا کے کسی زبردست مظہر کو جس کا زمانہ ایک روحانی برسات کا زمانہ ہوتا ہے دنیا سے تشریف لیجاتے ہوئے ایک مدت گذر جاتی ہے تو وہ معرفت کا پانی جو اس مقدس انسان کے مبارک زمانہ میں بارانِ رحمت ہو کر برسا تھا دنیا سے آہستہ آہستہ خشک ہو جاتا ہے دنیا سے روحانی زندگی کے آثار دن بدن مفقود ہونے لگتے ہیں۔ روحانی درخت اور روحانی پودے سب مرجھا جاتے ہیں روحانی امراض روحانی وبائیں قسم ہا قسم کے گناہوں کی شکل اختیار کر کے انسانی روح کی ہلاکت کا موجب ہو جاتی ہیں۔ بڑے بڑے عالم جو بمنزلہ دریا اور نہروں کے تھے انکے دل دماغ میں بھی روحانی خشکی چھا جاتی ہے جو تھوڑا بہت پانی معرفت اور روحانیت کا کسی کے ہاں رہ بھی جاتا ہے اس میں اس قسم کی روحانی کثافتیں اور غلاظتیں بعد میں پیدا ہو جاتی ہیں کہ وہ قلیل پانی روحانی حیات کیلئے مکتفی نہیں ہو سکتا۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے کہ جب کسی زبردست روحانی برسات کی ضرورت ہوتی ہے ایسی ظلمت کے وقت میں رحمت الٰہی جوش زن ہو کر اپنے نور کو کسی کامل انسان کی شکل میں اتارا کرتی ہے جس سے دلوں کی زمین روحانی بارش سے سیراب ہو کر ایک تازہ زندگی مخلوق کو بخشتی ہے چنانچہ جناب حضرت **توکل** شاہ صاحب رضی اللہ عنہ کی ذاتِ گرامی ایسی ہی زبردست بارانِ رحمت کا نزول تھی جو اگرچہ عرصہ ہوا دنیا سے تشریف لے گئے ہوئے ہیں مگر آپ کے حالات ملفوظات کا پڑھنا اس دورِ پرفتن میں بھی گویا نزول بارانِ رحمت ہے۔ آپ کی حیات طیبہ کے مکمل سوانح حیات کتاب مستطاب ذکر خیر میں ملیں گے جو حضور کے خلیفہ اعظم سیدنا و مرشدنا حضرت خواجہ **محبوب عالم** شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف لطیف ہے ہم سے طلب فرمائیں اور مشام جاں کو فیوض اولیاء امت سے معطر کریں۔

ملنے کا پتہ

۱۔ صاحبزادہ **محمد احمد** سیدا شریف تحصیل پھالیہ
ضلع منڈی بہاؤالدین

۲۔ صدر بزم توکلیہ بابو محمد اکرم ۴۵ بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

marfat.com
Marfat.com

حضرت صاحب علیہ الرحمۃ کی دیگر

تصانیف

ذکرِ خیر کے علاوہ حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی دیگر تصانیف یہ ہیں:

خیر الخیر المعروف بہ مرغوب السلوک

تنویر الابصار

ذکرِ کثیر المعروف بہ محبوب السلوک

شبِ حسین بر عرش بریں

ان کے علاوہ "بزمِ توکلیہ" کی دیگر کاوشیں یہ ہیں:

ذکرِ محبوب مصنفہ حضرت خواجہ صدیق احمد شاہ صاحب

اسلامی تصوف مصنفہ حضرت خواجہ صدیق احمد شاہ صاحب

ترجمہ خصائص الکبریٰ مصنفہ حضرت خواجہ صدیق احمد شاہ صاحب

تصوف کی ان مایۂ ناز کتب کا مطالعہ یقیناً مُردہ دلوں کیلئے آبِ حیات کا حکم رکھتا ہے، اور ان سے دل نورِ ایمان سے منور ہو جاتے ہیں آپ بھی فارغ اوقات ان کے مطالعہ میں صرف کر کے اپنے دلوں کو جلا بخشیں یہ کتب آپ کیلئے بہترین مونس و ہمدم ثابت ہونگی بمطالعہ شرط ہے۔

marfat.com

Marfat.com

صاحبزادہ محمد احمد سجادہ نشین آستانہ عالیہ توکلیہ
سیدا شریف تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاءالدین

Marfat.com